★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 2 شعبان المعظم 1446ھ، یکم فروری 2025ء 19 ماگھ 2081ب | صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 103

سیکیورٹی فورسز کی خیبر بختونخوا میں کارروائیاں، 10 خوارج جہنم واصل

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ہلاک خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، ہلاک خوارج سکیورٹی فورسز پر دہشت گرد کارروائیوں سمیت معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے

علاقے میں پائے جانے والے دیگر خوارج کے خاتمے کیلئے سمپیتھائزیشن آپریشن جاری ہے، سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کیلئے پُرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں میں 10 خوارج جہنم واصل کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے بنیاد پر آپریشن کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ڈی آئی خان میں آپریشن کے دوران 4 خوارج جہنم واصل کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے کارروائیاں کیں، سکیورٹی فورسز نے اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں انٹیلی جنس کی

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز تین فروری سے ہوگا

دو کروڑ 33 لاکھ بچوں کو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں مہم 9 فروری جبکہ دیگر اضلاع میں 7 فروری تک جاری رہے گی

سکولوں میں امتحانات کے پیش نظر انسداد پولیو مہم سے کم سے کم عملہ کی خدمات لینے کا فیصلہ

لاہور (خبر نگار) پنجاب میں قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز تین فروری سے ہوگا۔ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں مہم 9 فروری جبکہ دیگر اضلاع میں 7 فروری تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران صوبہ میں 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پاکیسن کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت اجلاس سول سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں متعلقہ محکموں کے حکام اور پولیو کے خاتمے کیلئے کام کرنے والے دیگر الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تمام ڈپٹی کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز نے پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنرز بارہ بارہ گاڑیاں دیں گے جبکہ ٹیموں کو ہر ضلع میں 4 گاڑیاں دی جائیں گی۔ اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی گئی کہ ٹیموں کو بروقت روانہ کیا جائے۔ ڈی سی لاہور نے بتایا کہ 1 ہزار 241 ٹیمیں بنائی گئی ہیں جن میں 1 ہزار 241 سپروائزر، 1 ہزار 241 ایف سی اہلکار اور 247 لیڈی ہیلتھ ورکرز شامل ہیں۔ 1 ہزار 241 ٹرانزٹ ٹیمیں بنائی گئی ہیں۔ 1 ہزار 241 موبائل ٹیمیں بنائی گئی ہیں۔ 247 ٹیمیں ریلوے سٹیشنز، بس اڈوں اور ایئرپورٹ پر تعینات کی گئی ہیں۔ 1 ہزار 241 ٹیمیں 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ 247 ٹیمیں 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) یکم فروری 2025ء

ڈرگ انسپیکٹر عدنان یعقوب کی غیر قانونی ادویات کیخلاف کارروائی

ڈرگ انسپیکٹر کی قیادت میں محکمہ صحت کی ٹیم نے نان رجسٹرڈ اور غیر معیاری ادویات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد میڈیکل سٹورز کو سیل کر دیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑا، کی تحصیل دیپالپور ڈرگ انسپیکٹر عدنان یعقوب کی غیر قانونی ادویات کے خلاف بڑی کارروائی، متعدد میڈیکل سٹورز سیل۔ دیپالپور: ڈرگ انسپیکٹر عدنان یعقوب کی قیادت میں محکمہ صحت کی ٹیم نے نان رجسٹرڈ اور غیر معیاری ادویات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد میڈیکل سٹورز کو سیل کر دیا۔ یہ کارروائیاں مختلف علاقوں میں کی گئیں جہاں غیر قانونی طور پر ادویات فروخت کی جا رہی تھیں۔ چھاپوں کے دوران ارشد میڈیکل سٹور، یاسین میڈیکل سٹور، اشتیاق میڈیکل سٹور، الفیصل ہیلتھ کیئر سٹور، سعید میڈیکل سٹور اور احمد میڈیکل سٹور کو سیل کر دیا گیا، جبکہ متعدد دیگر میڈیکل سٹورز کو سخت وارننگ جاری کی گئی۔ ڈرگ انسپیکٹر عدنان یعقوب کا کہنا ہے کہ غیر معیاری اور نان رجسٹرڈ ادویات کی فروخت عوام کی صحت کے لیے سنگین خطرہ ہے، جس کے خلاف سخت ایکشن لیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کی جانب سے اس کامیاب کارروائی کو خوب سراہا جا رہا ہے اور عدنان یعقوب کی کوششوں کو خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ عوام کی صحت اور تحفظ کے پیش نظر یہ مہم جاری رہے گی اور کسی کو بھی غیر قانونی طریقے سے ادویات فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

عوام بغیر کسی خوف وڈر کے میرے پاس آئیں: خوشید احمد

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان سے) عوام کی خدمت کے لیے میرے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں عوام بغیر کسی خوف وڈر کے میرے پاس آئیں ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او تھانہ کوٹ رادھا کشن خورشید احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ کوٹ رادھا کشن تھانہ کی عوام کی جان ومال کی حفاظت کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے کسی بھی رسہ گیر۔ ناٹوں کو تھانہ میں جگہ نہ ملے گی منشیات فروش ملک وقوم کے دشمن ہیں ان کو کسی بھی صورت معافی نہ ملے گی اپنی تعیناتی کے دوران جرائم پر قابو پانے کی پوری کوشش کرونگا

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 2 بجے تک 3 فروری کو کالج روڈ، عمران شہید، رسول پور، شیخن، کرن، رکھ ڈھینگانہ فیڈرز، 4 فروری کو ریواز، ملہوآنہ، کوٹ خان، سوبھاگہ، کوٹ سلطان، لشاری فیڈرز، 6 فروری کو سٹی، تریموں، مسن، کوٹ امیر، سرگودھا روڈ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز، 1024 فروری کو سٹی، عمران شہید، رسول پور، شیخن، کرن، رکھ ڈھینگانہ فیڈرز، 11 فروری کو کالج روڈ، ملہوآنہ، کوٹ خان، سوبھاگہ، کوٹ سلطان، لاشاری فیڈرز، 12، 19 فروری کو ملت، باغ، پیر کوٹ، نورے والا، لکھی شاہ، ماڑی شاہ سخیرہ فیڈرز، 27,20,13 فروری کو ریواز، تریموں، مسن، کوٹ امیر، سرگودھا روڈ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز، 17 فروری کو کالج روڈ، ملہوآنہ، رسول پور، شیخن، کرن، رکھ ڈھینگانہ فیڈرز، 18 فروری کو سٹی، عمران شہید، کوٹ خان، سوبھاگہ، کوٹ سلطان، لشاری فیڈرز، 25 فروری کو ملت، ملہوآنہ، کوٹ خان، سوبھاگہ، کوٹ سلطان، لشاری فیڈرز، 26 فروری کو کالج روڈ، باغ، پیر کوٹ، نورے والا، لکھی شاہ، ماڑی شاہ سخیرہ فیڈرز، 30 فروری کو ریواز، ملہوآنہ، مسن، کوٹ امیر، لکھی شاہ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت تھانہ سٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر ایس ایچ او انسپکٹر اخلاق احمد نول اور تفتیشی افسران بھی موجود تھے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت تھانہ سٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر ایس ایچ او انسپکٹر اخلاق احمد نول اور تفتیشی افسران بھی موجود تھے ڈی پی او نے عوام کے مسائل کے سنے اور مسائل کے موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری کئے ڈی پی او نے شہریوں سے منشیات فروشی کی سورتحال اور ٹاؤٹوں کی مداخلت کے بارے استفسار بھی کیا جس پر شہریوں نے کھلی کچہری میں ایس ایچ او اخلاق احمد نول کی جرائم کے خلاف موثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے اعتماد کا اظہار کیا اس موقع پر ڈی پی او نے سٹی ایریا میں ٹریفک کے مسائل پر لائحہ عمل ترتیب دینے کے احکامات بھی جاری کئے۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ منشیات فروشی کے خاتمے کیلئے جھنگ پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ جرائم کے خاتمے کیلئے سوسائٹی کے تمام طبقات کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی اور پبلک سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری کیلئے اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔

عبادت گاہوں کی حفاظت پولیس کی ذمہ داری ہے: انسپکٹر نعمان بٹر

نماز جمعہ کے دوران مساجد ڈیوٹی فول پروف ہے: ایس ایچ او اوگوکی



سیالکوٹ (بیورو چیف) تھانہ اوگوکی پولیس نے جمعہ المبارک کے موقع پر جامعہ مساجد کے باہر بھرپور سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دی۔ اس موقع پر ایس ایچ او اوگوکی انسپکٹر محمد نعمان بٹر نے خود مختلف مساجد کے باہر تعینات اہلکاروں کی ڈیوٹی چیکنگ کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر علاقہ تھانہ اوگوکی میں نماز جمعہ کے دوران مساجد کے باہر اور اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر فول پروف حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کیلئے ڈیوٹی دیتے ہیں۔ واضح رہے کہ وطن عزیز پاکستان میں جو مذہبی حقوق مسلمانوں کو حاصل ہیں ویسے ہی مساویانہ حقوق، مذہبی آزادی اور تہواروں پر فول پروف سیکیورٹی اقلیتوں کو فراہم کیجاتی ہے اس کی مثال برصغیر میں کہیں نہیں ملتی۔

رمضان پیکج رجسٹریشن کا عمل 10 فروری تک بلاتعطل جاری رہے گا

میونسپل کمیٹیوں سمیت ضلع بھر کی تمام یونین کونسلز، کے مستحق خاندان کی خواتین و افراد دفتری اوقات میں اندراج کروا رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر رمضان پیکیج کے لیئے مستحق خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل 10 فروری تک بلاتعطل جاری رہے گا میونسپل کمیٹیوں سمیت ضلع بھر کی تمام یونین کونسلز، کے مستحق خاندان کی خواتین و افراد دفتری اوقات میں اندراج کروا رہے ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کی ہدایت پر رمضان ریلیف پیکیج کے سلسلہ میں مستحق خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل شہر سمیت ہر یونین کونسل میں جاری ہے مستحق خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل 10 فروری تک جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان پیج کے لیے مستحق خاندان کی خواتین وافراد دفتری اوقات میں اپنے شناختی کارڈ کے ذریعے دفتری اوقات میں آ کر اپنا اندراج کرائیں، انہوں نے کہا کہ سینکڑوں مستحق خاندانوں کے نام کا اندراج کیا جا چکا ہے جس کی نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کر رہی ہیں۔

سخاوت کرتے ہوئے لاچار مخلوق کی تشہیر سے گریز کریں: امتیاز علی وریاہ

اللہ چھپ کر امداد کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ معروف رئیل اسٹیٹ ایڈوائزر



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) مساکین کی اعانت کرنیوالوں چھپ کر فیاضیاں کرنے والے کو اللہ اور اسکے پیارے نبی پاک نے پسند فرمایا ہے۔ صاحب ثروت لوگوں سے درخواست ہے کہ اس سال رمضان المبارک میں مفت سحر و افطار کے دسترخوان سجانے کے ساتھ ساتھ چھپ کر لاچار و پریشان حال مالی مشکلات کے شکار مسلمانوں کی امداد کیجائے۔ ان باتوں کا اظہار سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ نے اپنے میڈیا بیان میں کی۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح ایسے بچت بازار سجائے جائیں جہاں مہنگی اجناس و اشیائے خورد ونوش سبسڈائز کر کے عوام الناس کو مہیا کی جاسکیں اس طرح سفید پوشوں کی خودداری بھی قائم رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی کاوشوں سے سفید پوش طبقہ عزت نفس کے ساتھ اپنے گھر والوں کو اپنے حق حلال کی کمائی سے روزہ افطار کروانے کے قابل ہو سکے گا۔ اللہ ہمیں خود نمائی سے محفوظ سخاوت کی توفیق عطا فرمائے۔

قوت بیورو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال احمد محی الدین SSP کے والد کرنل ریٹائرڈ محی الدین نعمان کا گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال احمد محی الدین SSP کے والد کرنل ریٹائرڈ محی الدین نعمان کا گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال ہو گیا تھا انکی نماز جنازہ اور ختم قل چک میانہ ضلع گجرات میں پڑھا گیا۔ جس میں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سمیت پاکستان بھر سے پولیس افسران، سیاسی وسماجی شخصیات اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے حضرات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ علاوہ ازیں ممتاز دانشور و کالم نگار عزت رسول نے ڈی پی او احمد محی الدین سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور انکے والد محترم کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی۔ یاد رہے جب ڈی پی او احمد محی الدین نے منڈی بہاؤالدین میں اپنے عہدے کا چارج لیا تھا تو انکے والد محترم ساتھ تشریف لائے تھے۔ احمد محی الدین آجکل ڈی پی او چکوال تعینات ہیں۔ قبل ازیں وہ منڈی بہاؤالدین اور ڈیرہ غازی خان میں بھی اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں وہ جہاں جہاں بھی ڈی پی او تعینات رہے ہیں وہاں سے بڑی تعداد میں لوگ تعزیت کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔

کمشنر کی زیر قیادت تجاوزات کیخلاف مہم کامیابی سے جاری

اب تک 3022 مستقل اور 34418 عارضی تجاوزات کا خاتمہ کیا جا چکا ہے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ دو ماہ سے جاری انسداد تجاوزات مہم کے دوران کل 104 انسداد تجاوزات سکواڈز کے افسران واہلکاروں کے کاروائیوں میں حصہ لیا اس دوران ہلکی و بھاری مشینری کی مدد سے متعدد غیر قانونی پلازے، دکانیں اور عمارات کی صورت میں قائم تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ انسداد تجاوزات مہم کے دوران کل 348 بلڈنگز کو سیل کیا گیا، کارسرکار میں مداخلت سمیت مختلف قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کل 101 مقدمات درج کرائے جا چکے ہیں۔ وہیں سڑکوں، بازاروں کو عارضی تجاوزات سے محفوظ رکھنے کیلئے ماڈل ریڑھی بازار کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔ جس کے تحت ایبک گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن کے تمام اضلاع میں 70 ریڑھی بازار قائم کئے جا چکے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد سرداراں اقبال میں کھلی کچہری لگائی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد سرداراں اقبال میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی سٹی، ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج شکایت سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی اور ایسے افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آ کر سن کر حل کئے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔ شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں و جرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔ شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔

ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردنواح میں ایل پی جی گیس ری فلنگ کے نام پر جگہ جگہ موت سینٹر قائم

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردنواح میں ایل پی جی گیس ری فلنگ کے نام پر جگہ جگہ موت سینٹر قائم جو کسی ٹائم بم سے کم نہیں ہے متعلقہ ادارے کسی بڑے حادثے کے انتظار میں خاموش تماشائی وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے واضح احکامات ہونے کے باوجود ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے ایل پی جی گیس ری فلنگ کا مکروہ دھندا روکنے میں مکمل طور پر ناکام جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد نورشاہ یوسف والا بگوی پل اور اس کے گردو نواح میں غیر قانونی ایل پی جی گیس ری فلنگ بڑے دھرے کے ساتھ جاری جس کے نقصانات کسی ٹائم بم سے کم نہیں ہیں ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے کسی بڑے حادثے کے انتظار میں غیر قانونی گیس ری فلنگ کرنے والے افراد کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کی عوام میں شدید تشویش کی لہر گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز۔ چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ۔ غیر قانونی ایل پی جی گیس ری فلنگ کرنے والوں کا مکروہ دھندا روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ایسے افراد کو کیفر کردار تک پہنچائیں

جھنگ روڈ پر ستارہ پٹرول پمپ کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جھنگ روڈ پر ستارہ پٹرول پمپ کی شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، افتتاحی تقریب کے موقع پر پٹرول پمپ خریدنے والے شہریوں کے لیے ٹوکن قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات تقسیم کئے گئے پہلا انعام ہنڈا سی ڈی 70 جبکہ موبائل فون اور دیگر انعامات تقسیم کیے گئے تقریب میں جاوید اقبال قیصر ڈائریکٹر ستارہ پٹرولیم پرائیویٹ لمیٹڈ، اشتیاق رسول، اختر باجوہ، شعیب رسول، عبدالمقدم خان، عبدالجیب خان، ارباز خان، چوہدری کاشف آرائیں، عبدالصمد خان اور دیگر معزز مہمانوں نے پٹرول پمپ کا افتتاح کیا

سٹی پریس کلب نارنگ کے وفد کی صدر میاں محمد معظم نواز کی قیادت میں پرنسپل محمد شفقت چٹھہ اور اساتذہ کے ہمراہ نارنگ کا دورہ

پرنسپل محمد شفقت چٹھہ اور اساتذہ کے ہمراہ پودے لگا کر شجر کاری مہم کو تقویت دی



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کے وفد کی صدر میاں محمد معظم نواز کی قیادت میں قدیمی درسگاہ گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ کا دورہ صدر میاں محمد معظم نواز نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب میو وحید مغل اور شاہد محمود نے پرنسپل محمد شفقت چٹھہ اور اساتذہ کے ہمراہ پودے لگا کر شجر کاری مہم کو تقویت دی قیام پاکستان سے قبل ہندو ڈاکٹر بیساکھی رام کی قائم کردہ عمارت کا معلوماتی دورہ کیا گیا پرنسپل محمد شفقت چٹھہ نے حکومت کی جانب سے طلباء کو فراہم کی گئی تعلیمی سہولیات اور مستحق بچوں کو دیے گئے شوز اور وردی سے متعلق تفصیلاً گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معیاری تعلیم کے حصول کیلئے بہترین اقدامات کر رہی ہے اس تعلیمی ادارے میں بھی تمام سہولیات میسر ہیں تاریخی عمارت خستہ حالی کی وجہ سے گرنے کے قریب ہے خدانخواستہ کوئی حادثہ رونما ہو سکتا ہے اس کیلئے فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے اس لیے مستحق طلباء کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے بھی فوری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

(ن) لیگ عوام کے حقوق کی علمبردار ہے: ملک عبدالمتین اعوان



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء ملک عبدالمتین اعوان سابق چیئرمین یونین کونسل (5) نے کہا ہے کہ (ن) لیگ عوام کے حقوق کی علمبردار ہے۔ قائد میاں محمد نواز شریف نے سیاست قربان کر نیکو ترجیح دی مگر پاکستان کے مفادات کو نقصان پہنچنے نہ دیا۔ شریف خاندان نے سیاسی مفاد کی بجائے ہمیشہ پاکستان اور عوام کے مفاد کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ باشعور پاکستانی عوام ن لیگ کی قیادت پر غیر متزلزل اعتماد رکھتی ہے۔ (ن) لیگ کا مشن پاکستان کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنانا ہے۔ پارٹی قائدین اس مشن کو پورا کرنے کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں۔ پاکستان بحرانوں سے نکل کر ایک روشن مستقبل کی طرف گامزن ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکلی تعمیر وترقی میں جو خدمات ن لیگ کے ادوار میں انجام دی گئیں اس کی مثال نہیں ملتی' آئندہ بھی ن لیگ ہی پاکستان کو مسائل کی دلدل سے نکالے گی۔

ٹکٹ ہولڈر پی پی 96 مہر محمد حسین جپہ کی چیف آرگنائزر پنجاب عالیہ حمزہ سے ملاقات



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹکٹ ہولڈر پی پی 96 مہر محمد حسین جپہ کی چیف آرگنائزر پنجاب عالیہ حمزہ ملک سے ملاقات۔ ملاقات میں تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ عالیہ حمزہ ملک کو چیف آرگنائزر پنجاب کی ذمہ داری ملنے پر مبارکباد دی۔ عالیہ حمزہ نے کہا کہ اب بزدل لیڈر شپ کی پارٹی میں کوئی ضرورت نہیں، جو مشکل حالات میں پارٹی کے ساتھ کھڑے رہے جیل کاٹی ایف آئی آرز ہوئی، ان کی پارٹی میں بہت ضرورت ہے اور بانی چیئرمین عمران خان نے مجھے جو ذمہ داری دی ہے، اس کو احسن طریقے سے نبھاؤنگی۔ وزیر اعظم عمران خان کے حکم پر پاکستان تحریک انصاف 8 فروری کو مینار پاکستان پر عظیم الشان جلسہ کرے گی، اور پورے پنجاب میں تنظیمی عہدوں پر پارٹی کے مخلص کارکنان کو ذمہ داریاں دی جا رہی ہیں۔ پارٹی کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، آخر پر ضلعی صدر میاں شوکت علی بھیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ آپ جیسے لوگوں کو فرنٹ لائن میں دیکھ کر خوشی ہوتی، بانی چیئرمین عمران خان کے رہائی تک جدوجہد جاری رہے گی۔ چنیوٹ سے پارٹی کارکنان بھرپور نمائندگی کریں گے، پارٹی میں ایکٹو ورکرز کو عہدے دینے کی ضرورت ہے پریس کانفرنسز یا پارٹی امیدوار کے مخالفت کرنے والوں کی پارٹی میں کوئی گنجائش نہیں۔

شہر بھر میں بھرپور انداز میں صفائی مہم چلائی جائے: کمشنر ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے دیپالپور بازار میں صفائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر بھر میں بھرپور انداز میں صفائی مہم چلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے لئے دوسرے محکموں سے افرادی قوت اور گاڑیاں منگوائی جائیں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، سی ای او ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی افتخار احمد، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے سٹی مینیجر پمپ محمد اسجد خان نے بتایا کہ لوئر باری دوآب پر لینڈ فل سائٹ پر لیولنگ کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ لوئر باری دوآب پر 4700 فٹ رقبے پر پارک اور پونے دو کلو میٹر واکنگ ٹریک بھی بنایا جائے گا۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے ہدایت کی کہ گرلز کالج روڈ پر پیچ ورک کا کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید 1/4 ایل میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کی نگرانی کرنے موقع پر پہنچ گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید 1/4 ایل میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کی نگرانی کرنے موقع پر پہنچ گئے اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب اور اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز سمیت ایسٹی انکروچمنٹ ٹیموں کے نمائندے بھی موجود تھے روڈ کے اطراف میں پختہ تجاوزات کو بھاری مشینری کی مدد سے گرا دیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمہ کے لیے حکومت پنجاب کے احکامات پر مکمل طور پر عمل درآمد کو ہی صورت یقینی بنایا جائے گا تجاوزات کے ذریعے عوامی دشواری کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف کاروائیوں کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

نقشوں کی منظوری کے دوران عوامی مفاد اور متعلقہ قوانین کا خاص خیال رکھا جائے: ڈپٹی کمشنر



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ کمرشل اور کاروباری عمارتوں کے نقشوں کی منظوری کے دوران عوامی مفاد اور متعلقہ قوانین کا خاص خیال رکھا جائے اور موصول ہونے والی درخواستوں کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی جائے تاکہ کسی کی حق تلفی بھی نہ ہو اور شہر کی ترقی کے آئندہ منصوبوں میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں منٹگمری ہال میں ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ اور مانیٹرنگ آفیسر پلاننگ جاوید انور گوندل کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے بلڈنگ لائن سے باہر کام کرنے والی گاڑیوں کی ورکشاپس کے مالکان کے خلاف بھی بلڈنگ قوانین کے تحت کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

پاکستان میڈیا کونسل سیالکوٹ کے صحافیوں کی دعائیہ تقریب میں شرکت

سینیئر صحافی منور سلطانہ کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پاکستان میڈیا کونسل سیالکوٹ کے صحافیوں کی دعائیہ تقریب میں شرکت۔ سینیئر صحافی منور سلطانہ کی ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔ صدر پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ عثمان بٹ و سرپرست اعلیٰ عدیل خان کی زیر قیادت ممبران صحافیوں تنزیل خان، میاں محمد سلیم، خواجہ عامر جاوید، میاں عامر مٹھو، ملک قمر، عبدالوحید، اختر سلہریا و دیگر نے سیکرٹری جنرل پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ میڈم منور سلطانہ روزنامہ پاکستان کی ہمشیرہ و اینکر پرسن مہوش مستقیم روز نیوز کی حالہ کی وفات پر ان سے تعزیت کیا۔ معروف عالم دین و بین الاقوامی مبلغ اسلام قاری نصراللہ نے دعائیہ تقریب میں قرآن پاک کی تلاوت کا شرف حاصل کیا۔ بعدازاں اپنے محسوس رقت انگیز لہجے میں مرحومہ کی بلندی درجات کیلئے دعا کی۔ سینیئر صحافی منور سلطانہ و مہوش مستقیم نے تمام صحافی برادری کیجانب سے تعزیتی ریفرنس کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا۔

Explore Faisalabad

فیصل آباد: پاکستان وویمن جرنلسٹ فورم کے عہدیداران وممبران کا ڈبل ڈیکر بس میں فیصل آباد کی سیر کے بعد گروپ فوٹو، اس موقع پر صدر شہناز محمود، جنرل سیکرٹری راد اسندھو، چیف آرگنائزر افشاں بتول، نائب صدر فرزانہ ظہور، جوائنٹ سیکرٹری حمیرا امان انفارمیشن سیکرٹری صوبیہ مظہر، ایگزیکٹو ممبران رمشاء طارق، مریم منیر، شازیہ نعیم، نسرین بخاری، نادیہ رفیع، عطیہ ناز، ارم چوہدری بھی موجود ہیں

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

چین کا سالِ نو صدر اور وزیراعظم کی مبارکباد

جمہوریہ چین میں سالِ نو کے موقع پر صدر آصف علی زرداری نے خط جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ویڈیو پیغام میں چینی صدر شی جن پنگ کو مبارکباد دی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ترقی کے سفر میں پاکستان اور چین اہم شراکت دار ہیں۔ پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر شی جن پنگ، چین کے برادر عوام اور پاکستان میں موجود ہمارے چینی دوستوں کو نئے سال کے پرمسرت موقع پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 6 دہائیوں کے دوران چین کا ترقی کا سفر چینی صدر شی جن پنگ کی دانشمندی اور دور اندیشی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کا ایک لازوال رشتہ ہے جو بتدریج مضبوط تر ہو رہا ہے، یہ آہنی بھائی چارہ بدستور پاکستان کی خارجہ پالیسی کا سنگ بنیاد ہے۔ صدر آصف زرداری نے اپنے خط میں پاکستان اور چین کے مابین آہنی دوستی مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ میں دوطرفہ تعاون مضبوط بنانے اور دوستی کے بندھن کو آگے بڑھانے کے لیے بیجنگ میں چینی صدر سے تبادلہ خیال کا منتظر ہوں۔ پاکستان ون چائنا پالیسی کی حمایت جاری رکھے گا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی لازوال ہے اور مختلف ادوار میں پیش آنے والے واقعات نے یہ ثابت بھی کیا ہے۔ پاکستان اور چین نے کئی بین الاقوامی معاملات میں جس طرح ایک دوسرے کا ساتھ دیا اس سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ دونوں ممالک نہ صرف ایک دوسرے بلکہ پورے خطے میں امن وسلامتی کے قیام اور استحکام کے لیے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان اور چین کا باہمی تعاون ایک جانب معاشی مسائل پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے تو دوسری طرف اس کی مدد سے بھارت سمیت کئی ممالک کے مذموم عزائم کو بھی خاک میں ملایا جا رہا ہے۔ جمہوریہ چین میں سالِ نو کے موقع پر صدر آصف علی زرداری نے خط جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ویڈیو پیغام میں چینی صدر شی جن پنگ کو مبارکباد دی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ترقی کے سفر میں پاکستان اور چین اہم شراکت دار ہیں۔ پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے صدر شی جن پنگ، چین کے برادر عوام اور پاکستان میں موجود ہمارے چینی دوستوں کو نئے سال کے پرمسرت موقع پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 6 دہائیوں کے دوران چین کا ترقی کا سفر چینی صدر شی جن پنگ کی دانشمندی اور دور اندیشی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کا ایک لازوال رشتہ ہے جو بتدریج مضبوط تر ہو رہا ہے، یہ آہنی بھائی چارہ بدستور پاکستان کی خارجہ پالیسی کا سنگ بنیاد ہے۔ صدر آصف زرداری نے اپنے خط میں پاکستان اور چین کے مابین آہنی دوستی مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ میں دوطرفہ تعاون مضبوط بنانے اور دوستی کے بندھن کو آگے بڑھانے کے لیے بیجنگ میں چینی صدر سے تبادلہ خیال کا منتظر ہوں۔ پاکستان ون چائنا پالیسی کی حمایت جاری رکھے گا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی لازوال ہے اور مختلف ادوار میں پیش آنے والے واقعات نے یہ ثابت بھی کیا ہے۔ پاکستان اور چین نے کئی بین الاقوامی معاملات میں جس طرح ایک دوسرے کا ساتھ دیا اس سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ دونوں ممالک نہ صرف ایک دوسرے بلکہ پورے خطے میں امن وسلامتی کے قیام اور استحکام کے لیے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان اور چین کا باہمی تعاون ایک جانب معاشی مسائل پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے تو دوسری طرف اس کی مدد سے بھارت سمیت کئی ممالک کے مذموم عزائم کو بھی خاک میں ملایا جا رہا ہے۔

سخن تاباں



تحریر: میاں شفیق احمد

ہزاروں ظلم ہوں مظلوم پر تو چپ رہے دنیا
اگر مظلوم کچھ بولے تو دہشت گرد کہتی ہے

دنیا میں انسان آباد ہوئے ہزاروں سال گزر چکے ہیں ہر دور میں ظلم وستم کی کوئی نہ کوئی داستان رقم ہوئی جس کی وجہ ظالم کے آگے بے بسی یا ظلم سہنے کی عادت ہو چکی ہو آج کا دور دیکھ لیں جب سوشل میڈیا عام ہے ہر بندہ باخبر ہے دنیا ترقی کی منازل طے کرتی کرتی کہاں سے کہاں پہنچ گئی لیکن ظلم کی انتہا ہے کشمیر، فلسطین، شام، لیبیا، وغیرہ کی حالت دیکھ لیں انسانی حقوق کی پامالی ظلم ،جبر، کرپشن، وغیرہ عام ہو چکی ہے وقت گزر رہا ہے یہ وقت بھی گزر جائے گا ذرا تاریخ کے چند اوراق دیکھتے ہیں کہ سقراط نے جب زہر کا پیالہ پیا تو ایتھنز کے حکمرانوں نے سکھ کا سانس لیا کہ ان کے نوجوانوں کو گمراہ کرنے والا جہنم رسید ہوا یونان کی اشرافیہ جیت گئی سقراط کی دانش ہار گئی وقت گزر گیا ،اسکاٹ لینڈ کی جنگ آزادی لڑنے والے ولیم والس کو جب انگلینڈ کے بادشاہ ایڈورڈ اول نے گرفتار کیا تو اس پر غداری کا مقدمہ قائم کیا اسے برہنہ کر کے گھوڑے کے سموں کے ساتھ باندھ کر لندن کی گلیوں میں گھسیٹا گیا اور پھر ناقابل بیان تشدد کے بعد اسے پھانسی دے کر لاش کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے گئے اس وقت کا بادشاہ جیت گیا ولیم والس ہار گیا وقت گزر گیا گلیلیو نے ثابت کیا کہ تمام سیارے سورج کے گرد گھومتے ہیں تو یہ کیتھولک عقائد کی خلاف ورزی تھی چرچ نے گلیلیو پر کفر کا فتویٰ لگایا اور اسے غیر معینہ مدت تک کے لیے قید کی سزا سنا دی یہ سزا 1633 میں سنائی گئی گلیلیو اپنے ہی گھر میں قید رہا اور 1642 میں وہیں اس کی وفات ہوئی پادری جیت گئے سائنس ہار گئی، وقت گزر گیا، جیورڈ برونو پر بھی چرچ کے عقائد سے انحراف کرنے کا مقدمہ بنایا گیا برونو نے اپنے دفاع میں کہا کہ اس کی تحقیق عیسائیت کے عقیدہ ،خدا اور اس کی تخلیق سے متصادم نہیں مگر اس کی بات نہیں سنی گئی اور اسے اپنے نظریات سے مکمل طور پر تائب ہونے کے لیے کہا گیا برونو نے انکار کر دیا پوپ نے برونو کو کافر قرار دے کر اٹھ فروری 1600 کو فیصلہ سنایا جب اسے فیصلہ پڑھ کر سنایا گیا تو برونو نے تاریخی جملہ کہا کہ میں یہ فیصلہ سنتے ہوئے اتنا خوفزدہ نہیں ہوں جتنا تم یہ فیصلہ سناتے ہوئے خوف زدہ ہو برونو کی زبان کاٹ دی گئی اور پھر اسے زندہ جلا دیا گیا پوپ جیت گیا برونو ہار گیا وقت گزر گیا حجاج بن یوسف جب خانہ کعبہ پر آگ کے گولے پھینک رہا تھا تو اس وقت عبداللہ ابن زبیر نے جواں مردی سے تاریخ رقم کی اور ان کا مقابلہ کیا انہیں مسلسل ہتھیار پھینکنے کے پیغامات موصول ہوئے مگر آپ نے انکار کر دیا آپ نے اپنی والدہ حضرت اسماء ؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مشورہ کیا انہوں نے کہا کہ اہل حق اس بات کی فکر نہیں کرتے کہ ان کے پاس کتنے مددگار اور ساتھی ہیں جاؤ تنہا لڑو اور اطاعت کا تصور بھی ذہن میں نہ لانا عبداللہ ابن زبیر نے سفاک حجاج بن یوسف کا مقابلہ کیا اور شہادت نوش فرمائی حجاج نے آپ کا سر کاٹ کر خلیفہ عبدالمالک کو بھجوا دیا اور لاش لٹکا دی اور خود حضرت اسماء ؓ کے پاس پہنچا اور کہا کہ تم نے اپنے بیٹے کا انجام دیکھ لیا ہے آپ نے جواب دیا کہ تو نے اس کی دنیا خراب کر دی لیکن اس نے تیری عقبیٰ بگاڑ دی حجاج جیت گیا عبداللہ ابن زبیر ہار گئے وقت گزر گیا، ابوجعفر منصور نے کئی مرتبہ امام ابوحنیفہ کو قاضی القضاء ؒ بننے کی پیشکش کی مگر آپ نے ہر مرتبہ انکار کیا ایک موقع پر دونوں کے درمیان تلخی اس قدر بڑھ گئی کہ منصور کھلم کھلا ظلم کرنے پر اتر آیا اس نے انہیں بغداد کی دیواریں بنانے کے کام کی نگرانی اور اینٹیں گننے پر مامور کر دیا مقصد ان کی ہتک کرنا تھا بعد ازاں منصور نے امام ابوحنیفہ کو کوڑے مارے اور اذیت ناک قید میں رکھا بالآخر قید میں ہی انہیں زہر دے کر مروا دیا گیا سجدے کی حالت میں اپ کا انتقال ہوا نماز جنازہ میں مجمع کا حال یہ تھا کہ لاکھوں لوگ امنڈ آئے آپ کی چھ مرتبہ نماز جنازہ پڑھائی گئی آپ نے کہا تھا بھی کہ ہماری سچائی کا فیصلہ ہمارے جنازے کریں گے منصور جیت گیا امام ابوحنیفہ ہار گئے وقت گزر گیا، ریاست میسور میں ٹیپو سلطان کو اس کے اپنے ہی ساتھیوں میر جعفر اور میر صادق نے انگریزوں سے مل کر مروا دیا ٹیپو ہار گیا انگریز جیت گئے وقت گزر گیا، تاریخ میں ہار جیت کا فیصلہ طاقت کی بنیاد پر نہیں ہوتا یونان کی اشرافیہ سقراط سے زیادہ طاقتور تھی مگر وقت نے ثابت کیا کہ سقراط کا سچ زیادہ طاقتور تھا، ولیم والز کی دردناک موت کے بعد اس کا نام لیوا بھی نہیں ہونا چاہیے تھا مگر آج ابیرڈین سے لے کر ایڈنبرا تک ولیم والس کے مجسمے اور یادگاریں ہے تاریخ میں ولیم والس امر ہو چکا ہے، گلیلیو پر کفر کے فتوے لگانے والی چرچ اپنے تمام فتوے واپس لے چکی ہے رومن کیتھولک چرچ نے ساڑھے تین سو سال بعد تسلیم کیا کہ گلیلیو درست تھا اور اس وقت کے پادری غلط تھے، برونو کو زندہ جلانے والے آج بھی یہ بات مانتے ہیں کہ برونو کا علم اور نظریہ درست تھا اور اسے اذیت ناک موت دینے والے تاریخ کے غلط دوراہے پر کھڑے تھے، تاریخ میں حجاج بن یوسف کو آج ایک ظالم اور جابر حکمران کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس کی گردن پر ہزاروں بے گناہ مسلمانوں کا خون ہے جبکہ حضرت عبداللہ ابن زبیر شجاعت اور دلیری کا استعارہ ہے حجاج کو شکست ہو چکی ہے ابن زبیر فاتح ہیں، جس جعفر منصور نے امام ابوحنیفہ کو قید میں زہر دے کر مروایا اس کے خود کے مرنے کے بعد ایک جیسی سو قبریں کھودی گئیں اور کسی ایک قبر میں اسے دفن کر دیا گیا تاکہ لوگوں کو اس کی قبر کا پتہ نہ چل سکے یہ سب کچھ لوگوں کے خوف کی وجہ سے کیا گیا کہ اس کی قبر کی لوگ بے حرمتی نہ کریں گویا تاریخ نے یہ فیصلہ بہت جلد ہی سنا دیا ابوحنیفہ کو ماننے والے آج کروڑوں میں ہیں اور منصور کا کوئی نام لیوا نہیں، ٹیپو سلطان کی شجاعت اور بہادری کے لوگ قصے سناتے ہیں اور میر جعفر اور صادق کو غداروں میں شامل کر کے لعنتیں بھیجتے ہیں آج پھر شاید تاریخ دہرائی جا رہی ہے آج سے سو سال بعد ہم میں سے کوئی بھی زندہ نہیں رہے گا تاریخ ہمیں روندتی ہوئی آگے نکل جائے گی آج یہ فیصلہ کرنا مشکل نہیں ہے کہ ہم میں سے کون تاریخ کی صحیح سمت کھڑا ہے اور کون تاریخ کے غلط دوراہے پر ہے کون حق کا ساتھی ہے اور کون باطل کے ساتھ کندھا ملائے ہوئے ہے کون سچائی کا علمبردار ہے اور کون جھوٹ کی ترویج کر رہا ہے کون دیانت دار ہے اور کون بے ایمان کون ظالم ہے اور کون مظلوم ہم میں سے ہر کوئی خود کو حق کا راہی کہتا ہے مگر ہم سب جانتے ہیں کہ یہ بات دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ ہے کیونکہ اگر ہر شخص نے حق سچ کا علم تھاما ہوا ہے تو پھر اس دھرتی میں ظلم اور ناانصافی کو تو اپنے آپ ختم ہو جانا چاہیے لیکن سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہم اس منزل سے کہیں دور بھٹک رہے ہیں آج سے سو برس بعد البتہ جب کوئی مورخ ہمارا احوال لکھے گا تو وہ ایک ہی کسوٹی پر ہم سب کو پرکھے گا مگر افسوس کہ اس وقت تاریخ کا بے رحم فیصلہ سننے کے لیے ہم میں سے کوئی بھی زندہ نہیں ہوگا سو آج ہم جس دور سے گزر رہے ہیں ہم کیوں نہ خود کو ایک بے رحم کسوٹی پر رکھ لیں اور دیکھ لیں کہ کہیں ہم یونانی اشرافیہ کے ساتھ تو نہیں کھڑے جنہوں نے سقراط کو زہر کا پیالہ تھمایا تھا کہیں ہم برونو کو زندہ جلانے والے پادریوں کے ساتھ تو نہیں کھڑے کہیں ہم حجاج کی طرح ظالموں کے ساتھ تو نہیں کھڑے کہیں ہم امام ابوحنیفہ اور امام مالک پر کوڑے برسانے والوں کے ساتھ تو نہیں کھڑے کہیں ہم ابن رشد کے خلاف فتوی دینے والے والوں کے ساتھ تو نہیں کھڑے کہیں ہم میر جعفر میر صادق کے ساتھ تو نہیں کھڑے کہیں ہم تاریخ کی غلط سمت میں تو نہیں کھڑے اس سوال کا جواب تلاش کر کے خود کو غلطی پر تسلیم کرنا بڑے ظرف کا کام ہوگا جس کی آج کل شدید کمی ہے وقت تو گزر ہی جاتا ہے لیکن دیکھنا صرف یہ ہوتا ہے کہ کسی باضمیر نے وہ وقت کیسے گزارا۔

مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف سید ضمیر جعفری

(سید ضمیر جعفری صاحب) ڈائریوں کی صورت جو یاداشتیں قلم بند کی تھیں ۔۔۔ چند ایک شائع ہوئی۔ مگر بیشتر جو میں امریکہ سے پاکستان احتشام بھائی کے گھر چھوڑ آیا تھا وہ ایک صندوق میں بند تھیں اور انہیں دیمک کھا گئی۔ گزرے 76 برسوں میں اس ان دیکھی دیمک نے وطن عزیز کے ساتھ کیا کیا کھلواڑ کیا۔۔۔ سید ضمیر جعفری ہوں یا پاکستان دیمک ہمارا مشترکہ دشمن ہے مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف رلا دینے والا ہاسا ہے، رب تعالیٰ ان لفظوں کو قبول فرمائیں آمین یا رب العالمین ثم آمین۔ اس کتاب کے 45 عنوانات ہیں کمال کی بنتی ہے کہ خوبصورت تحریریں خاص طور پر جبار مرزا کا عرض مصنف وہ بڑا خوبصورت ہے۔ رقم دراز ہیں صبر و استقامت کا استعارہ زندہ ضمیر قلم کا ضمیر ادب شہری صافت مزہ نگاری اور کالم نویسی کا روشن ضمیر گھر معاشرہ ماحول کا ضمیر ضمیر حاضر اپ کا ضمیر ہم سب کا ضمیر قوم کا ضمیر

پیر و مرشد سید ضمیر جعفری

عطاالحق قاسمی جبار مرزا صاحب کے بارے میں رقم طراز ہیں جبار مرزا صاحب ہمارے نظریاتی اور ہم خیال قلم کار ساتھی ہیں۔۔۔ نصف صدی کے تعلق میں عقیدت کا یہ عالم کہ ہمیں پیروں اور مرشدوں کا درجہ دیئے ہوئے ہیں جبار مرزا صاحب یادوں کو پرزہ پرزہ سنبھال رکھتے ہیں ان کی کئی کتب نظر سے گزریں۔۔۔ ایک نئی دنیا پڑھنے کو ملتی ہے۔ مگر مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف سید ضمیر جعفری۔۔۔ ہمارا مشترکہ اثاثہ ہے۔۔۔ ہم دونوں کا اپنے پیر و مرشد ضمیر جعفری صاحب کا اتفاق ہے۔۔۔ البتہ صفحہ 238 پیچہ پیچہ میں سید ضمیر جعفری سے جڑے۔۔۔۔ سیٹھ اے ڈی ادیب ،، والے واقعے سے اختلاف میں میری عقیدت کو عمل دخل ہے مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف بہت ہی کمال تحقیق ہے بعض ایسی باتیں جو کئی مقالہ نگاروں کی بھی نگاہ سے پوشیدہ رہیں۔۔ جبار مرزا صاحب نے وہ سپردِ قلم کر دیں۔۔ اس کتاب میں ہماری ایک صدی کی ادبی۔۔ فوجی۔۔۔ لسانی۔۔۔ اور۔۔ معاشرتی۔۔۔ تاریخ۔۔۔ محفوظ ہو گئی ہے۔۔ خوش رہیں جبار مرزا صاحب۔ ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے بھی ضمیر جعفری اور کشمیر کے حوالے سے خوبصورت لکھا ہے جبار مرزا کے کرتوت محققانہ ہیں مگر میں نے کبھی انہیں سکہ بند محقق سمجھا نہ تھا لیکن زیر نظر محققانہ اور تخلیقانہ سلیقے سے ایک ایسی کتاب تحریر ہوئی ہے کہ میں برادرم جبار مرزا کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ محمد احمد ترازی بھی رقم طراز ہیں سید ضمیر جعفری ادبی دنیا کی منفرد اور ممتاز شخصیت تھے دنیائے ادب کو اپنی مزاحیہ تاریخ سے کشت زعفران بنانے والے سید ضمیر جعفری کسی تعارف کے محتاج نہیں ان کی ظریفانہ تخلیقات نے طنز و مزاح کی دنیا میں جو جولانی پیدا کی اس کے اثرات اردو ادب پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر جبار مرزا ادب وصحافت کا ایک معتبر نام ہے بلکہ یوں کہا جائے کہ جبار مرزا نام نہیں برینڈ ہے تو بے جا نہ ہوگا ان کے نام کے ساتھ ادیب صحافی ایڈیٹر لکھنے کی ضرورت نہیں ان کا نام ہی کافی ہے علامہ عبدالستار عاصم رقم طراز ہیں مزاح معاشرے کا حسن ہوتا ہے۔۔۔ آبرو اور وقار ہوتا ہے ، سید ضمیر جعفری اسم با مسمہ تھے ۔۔ وہ معاشرے کا ضمیر تھے ماحول کو خوشگوار رکھا۔۔ مزاح کے پردے میں بیداری اور ذمہ داری کی تحریک دی۔

شوق سے لخت جگر، نور نظر پیدا کرو
ظالموں تھوڑی سی گندم بھی مگر پیدا کرو

کراچی سے جناب ضیاء الحق قاسمی نے ضمیر جعفری کی لندن روانگی کے عنوان سے قطع لکھا تھا وہ بہت خوب تھا

ہمارے دوست جناب جبار مرزا بھی عجوبہ ء روزگار شخصیت ہیں، تعلق نبھانے کے گر کوئی ان سے اسباق کی شکل میں سیکھے محبت کرنے والے انسان ہیں، قامت میں قیامت کا انداز، ماتھے کی شکنوں میں رات کے پچھلے پہر کے مدبھرے گیت، آنکھوں میں حیا کی معصومیت، دل میں ایمان کی حلاوت، افکار و تصورات میں انسانی خدمت کی جھلک دکھائی دیتی ہے، آپ اس گئے گزرے دور میں اچھے وقتوں کی حسین و جمیل نشانی ہیں، سکوت و شگفتگی کا حسین امتزاج ہیں، ضمیر و خمیر میں زعفرانی رنگ و نور کی چاندنی کا عکس ضمیر جعفری کی زندگی کی کتاب کا دیباچہ لکھا ہوا ہے، مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف سید ضمیر جعفری پر خامہ فرسائی ہی نہیں کی، رلع صدی کا طویل عرصہ جعفری مرحوم کے خاندانی نظام زندگی پر تحقیق و جستجو میں صرف کر دیئے ہیں ان کے ددھیال اور ننھیال کو الف کی جمع بندی کو اگر انسائیکلو پیڈیا کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا، مرحوم ضمیر جعفری کے بیٹے میجر جنرل احتشام ضمیر جنہیں مرحوم لکھتے وقت دل کانپ اٹھتا ہے مرحوم کی مرزا جبار صاحب سے بڑی عقیدت تھی اور ان کی شدید خواہش تھی کہ مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف جلد شائع ہو،

یہ کہتے ہوئے بلبل بس موند گئیں آنکھیں
اب دور خزاں آئے یا فصل بہار آئے

محترم جبار مرزا بے شمار محاسن کا مجموعہ ہیں وہ نظر بہ ظاہر ایک انسان ہیں، لیکن اپنی ذات میں پورا ادارہ، ایک پوری تحریک اور ایک پوری یونیورسٹی ہیں، میں تو ان سے بے پناہ متاثر اس لیئے ہوں کہ وہ ہمیشہ چھوٹوں سے بہت محبت کرتے ہیں، میں اس وقت عمر کے لحاظ سے چھوٹا نہیں ہوں ، لیکن ان کا رتبہ بہت بلند ہے اور وہ بڑی بلندی سے جب وہ اپنے چھوٹوں سے ملتے ہیں تو ان کے انکسار میں، میں ہمیشہ افتخار تلاش کرتا ہوں۔ مختار مسعود نے ایسی ہی جلیل القدر شخصیات کے بارے میں فرمایا تھا کہ یہ لوگ آبشار کی مانند ہوتے ہیں جو بلندیوں سے یہ کہتی ہوئی نیچے آ رہی ہوتی ہے کہ اگر آپ لوگ میری سطح تک بلند نہیں ہو سکتے تو میں خود ہی نیچے اتر کر تمہاری کشت ویراں کو سیراب کرتی ہوں اور یہ حقیقت ہے جناب جبار مرزا آبشار کی مانند ہیں الطاف حسن قریشی صاحب ان کے بارے میں جتنی محبت سے بات کرتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ ہم بڑی دیر تک ان کی باتیں کرتے رہتے ہیں اور آج یہ کتاب جبار مرزا نے مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف لکھی ہے بڑی ہی خوبصورت کتاب ہے اور الطاف حسن قریشی صاحب نے خوبصورت تحریر لکھی ہے کہ ہمارے محترم دوست جبار مرزا نے اپنی خداداد صلاحیتوں اور بے پایاں شوق صحرا نوردی میں اردو ادب اور صحافت میں بڑا نام پیدا کیا ہے ان کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ اپنے دوستوں اور کرم فرماؤں کی بے حد قدر کرتے اور انہیں یاد رکھتے ہیں اس کا زندہ ثبوت وہ عظیم تخلیق ہے جو انہوں نے مزاح نگاروں کے کمانڈر ان چیف کے عنوان سے ترتیب دی ہے جو ہمارے عہد کے بے بدل شاعر اور ادیب سید ضمیر جعفری کی شخصیت اور ان کے ادبی کارہائے نمایاں کے بارے میں ہے مرزا صاحب نے سید ضمیر جعفری کے احوال بے پرواہ اور ان کے ددھیال اور ننھیال کے وسیع و عریض کوائف جمع کرنے اور ان کی نثری اور شعری تخلیقات کے محاسن چن لینے میں اپنی زندگی کے 30 برس صرف کیے جو یقیناً غیر معمولی بات ہے اس تصنیف میں اس رشتے کا تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے جو سید ضمیر جعفری اور فوج کے مابین قائم رہا اور جس کی بدولت عظیم نظمیں اور مضامین جلوہ افروز ہوئے اس کتاب میں وہ سہرے بھی جمع کر دیے گئے جو شعری ادب میں لازوال موتیوں کی حیثیت رکھتے ہیں ان میں میرے بیٹے کامران کا سہرا بھی شامل ہے جو ہمارے خاندان کی روح کو تر و تازہ رکھتا ہے بلا شبہ جناب جبار مرزا کی یہ تخلیق اردو ادب میں بہت بڑا اضافہ اور معلومات کا بیش بہا خزینہ ہے، میں انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے عجیب خوشی محسوس کر رہا ہوں اور میں بھی الطاف حسن قریشی کے ساتھ مل کر جناب جبار مرزا کی اس کاوش کو اللہ کی نوازش کہتے ہوئے ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مزاح ہنسنے اور طنز ڈسنے کا عمل ہے مزاح ایک کار اعزاز ہے اور طنز ایک خار زار۔۔ طنز پسماندہ معاشروں میں نشو ونما پاتا ہے اور



مزاح خوشحال معاشروں میں پروان چڑھتا ہے شاعری میں جتنی وضعداری، پردہ داری اور رکھ رکھاؤ کا تکلف ہونا چاہیے طنز و مزاح میں اتنی ہی بے تکلفی درکار ہوتی ہے پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے اس میں پسماندہ اور خوشحال دونوں قسم کے طبقات موجود ہیں چنانچہ ہمارے ہاں طنز و مزاح کا سلسلہ قدم بے قدم چلتا ہے۔۔ پاکستانی ادب شناخت کی نصف صدی غفور شاہ قاسم کی تحقیق و تنقید سے ماخوذ یہ چند سطور مستعار لی گئیں ہیں جس میں صدیق سالک، رستم کیانی، عطاالحق قاسمی، نظیر صدیقی، مسعود مفتی، محمد خالد اختر، ابراہیم جلیس، کرنل محمد خان، سید ضمیر جعفری مرحوم نے فوجی زندگی اور شخصیات کو متوازن مزاجی سے دیکھا اور اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں اس پر تبصرہ کیا ضمیر صاحب کے مزاح کی ایک اور جہت وہ ہے جو اعلیٰ مزاح کے نہایت معیاری نمونوں میں پائی جاتی ہے یعنی مزاح کی تہہ میں آنسوؤں کی ایک زیریں لہر کا موجود ہونا۔۔ نثری مزاح میں ضمیر صاحب کی نمایاں اور باقاعدہ تصنیف 15 فکاہی خاکوں پر مشتمل ان کی کتاب۔ اڑتے خاکے،، ہے اسی طرح ان کی کتاب کتابی چہرے بھی مزاح کی نمائندہ کتاب ہے سید ضمیر جعفری مرحوم کو نظم اور نثر پر یکساں قدرت حاصل ہے انہوں نے ایک اچھی مثال قائم کی ہے ان کے طنزیہ مزاحیہ کلام کا مجموعہ مافی الضمیر اور انگریزی کی منتخب مزاحیہ نظموں کے منظوم تراجم کا مجموعہ ولایتی زعفران شائع ہو چکا ہے انہوں نے کامیاب مزاح نگاری کی اپنی قائم کی ہوئی روایتوں کو بخوبی برقرار رکھا ہے انہوں نے سماجی ناہمواریوں اور انسانی حماقتوں کو اپنی مزاحیہ اور طنزیہ شاعری کا موضوع بنایا ہے ان کے موضوعات متنوع اور دلچسپ ہیں اور ان کا اسلوب برجستگی کا حامل ہے، جبار مرزا نے حق ادا کر دیا ہے، اس کا انتساب ضمیر جعفری کے بیٹے میجر جنرل احتشام ضمیر کے نام جن کی مسلسل خواہش رہی کے مزاح نگاروں کا کمانڈ ان چیف جلد شائع ہو جن کی ولادت 13 مارچ 1949 لاہور اور وفات چار مئی 2015 کھاریاں میں ہوئی جن کی تدفین بحریہ ٹاؤن فیز فور راولپنڈی میں ہوئی ،

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا ہوں گی کہ صورتیں پنہاں ہو گئیں

انتساب ثانی سید امتنان ضمیر کے نام

مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف ایک رلا دینے والا ہاسا

مغلوں نے سادات کو ہمیشہ سر آنکھوں پہ رکھا۔۔ لیکن جب جبار مرزا نے سید ضمیر جعفری سے عقیدت کی انتہا کر دی ہے۔ جبار مرزا ہمارے خاندانی رازداں ہیں۔۔۔ مزاح نگاروں کا کمانڈر ان چیف نامی زیر نظر تخلیق میری بات کی تصدیق کرے گی۔ ابا نے

تحریر: محمد اسلم وٹو

کیا طوفان ٹھاٹھیں مار رہا ہے؟؟ دریا پر جانے والے لوگ اکثر دریا میں پتھر پھینکتے ہیں۔ مگر آپ نے دیکھا ہوگا کہ کبھی دریا پتھر پھینکنے والوں سے الجھتا نہیں ہے بلکہ پتھر پھینکنے والوں سے الجھے بغیر دریا آگے ہی بہتے چلے جاتے ہیں دریا بھی جانتا ہے کہ اگر پتھر پھینکنے والوں سے الجھ گیا تو کبھی بھی منزل پر نہیں پہنچ سکوں گا کیونکہ پتھر پھینکنے والے تو قدم قدم پر موجود ہوتے ہیں انسان کو بھی چاہیے آگے بڑھنے کے لیے تنقید کے پتھر پھینکنے اور طنز کے نشتر چلانے والوں سے آگر الجھ گئے تو کامیابی اور منزل کو بھول جائیں پھر ساری زندگی انہی بھول بھلیوں میں الجھے رہیں گے۔ لوگ تو کامیاب لوگوں کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں اور مختلف طریقوں سے پاؤں میں زنجیروں میں جکڑے

جامعہ علیمیہ لاہور کی دینی، علمی اور تحقیقی خدمات کا جائزہ

تحریر: محمد اکرم رضوی

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ برصغیر کے مدارس کا نصاب دارارقم) مکہ مکرمہ (، مدرسہ صفہ) مدینہ منورہ (، مدرسہ نظامیہ) بغداد (، جامعہ قرویین فاس) اندلس (، جامعہ الازہر قاہرہ) مصر (، مدرسہ بیہقیہ) نیشاپور (اور جامعہ زیتونہ) مراکش (کا ہی تسلسل ہے، البتہ برصغیر میں رائج درسِ نظامی کے نصاب کو ملا نظام الدین سہالوی فرنگی محلی) م: (نے اٹھارویں صدی کے اوائل میں جدید خطوط پر ترتیب دیا اور اس وقت کے مروجہ علوم وفنون کو اس نصاب کا حصہ بنایا گیا، اس میں علوم نقلیہ وعقلیہ کے ساتھ ساتھ سماجی اور طبی علوم کو نصاب کا حصہ بنایا گیا۔ خانقاہ نقشبندیہ) دہلی (، خانقاہ مجددیہ) سرہند (، جامعہ رحیمیہ) دہلی (، مدرسہ فرنگی محلی) لکھنو (، جامعہ منظر اسلام) بریلی (، جامعہ اشرفیہ) مبارک پور (، جامعہ نعیمیہ) مراد آباد (، دارالعلوم حزب الاحناف) لاہور (، جامعہ رضویہ مظہر الاسلام) فیصل آباد (اور جامعہ نعیمیہ) لاہور (اسی کا تسلسل ہیں۔ الحمد للہ جامعہ علیمیہ) لاہور (بھی انہی نصابات اور روایات کے تسلسل کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ ھ / میں شہید پاکستان ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی رحم اللہ علیہ نے ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان سندرانی کو جامع مسجد حنفیہ انوارِ مدینہ، ونڈسر پارک اچھرہ لاہور میں امامت وخطابت کا حکم فرمایا۔ اس وقت ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان جامعہ نعیمیہ لاہور میں تدریس اور فتوی نویسی جیسے عظیم منصب کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ آپ نے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے جامعہ نعیمیہ میں تدریس کے ساتھ ساتھ جامع مسجد حنفیہ انوار مدینہ میں امامت و خطابت کے فرائض بھی سرانجام دینے لگے۔ ھ / میں شہید پاکستان ڈاکٹر سرفراز نعیمی رحم اللہ تعالیٰ علیہ نے ڈاکٹر محمد کریم خان کو حکم فرمایا کہ آپ مسجد میں ہی درسِ نظامی کی کلاسوں کا آغاز فرمائیں، مزید فرمایا کہ آپ اپنے ہاں طلبا کو چار سالہ درسِ نظامی پڑھائیں، ان طلبا کو درسِ نظامی کی اسناد جامعہ نعیمیہ ہی جاری کرے گا۔ ڈاکٹر صاحب کے حکم پر اسی سال شام کے اوقات میں کلاسوں کا آغاز کر دیا گیا اور ادارے کا نام یادگارِ اسلاف، مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالعلیم سیالوی دامت برکاتہم العالیہ) شیخ الحدیث والفقہ جامعہ نعیمیہ، لاہور (کی نسبت واجازت سے جامعہ علیمیہ رکھا گیا۔ میں وسطانی درجہ، میں فوقانی درجہ میں الحاق کروایا گیا۔ یہ ادارہ وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان کے پانچ بانی اداروں میں سے ایک ادارہ ہے۔ ابتدا میں ڈاکٹر محمد کریم خان نے تنِ تنہا درسِ نظامی کی تمام کلاسوں کو پڑھانا شروع کیا تھا، ترقی کے منازل طے کرتا ہوئے، ھ / میں اس منزل پر پہنچ گیا کہ یہاں حفظِ قرآن، تجوید وقرات، درسِ نظامی کے دو سالہ، چار سالہ، چھ سالہ اور آٹھ سال





سری لنکا اور آسٹریلیا کے درمیان ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن ثیتھن لیون سری لنکا کے اینجلو میتھیوز کی وکٹ لینے کے بعد جشن منا رہے ہیں

ویسٹ انڈیز ویمن نے دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلہ دیش ویمن کو 106 رنز سے ہرا دیا

تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی



سینٹ کٹس (این این آئی) ویسٹ انڈیز ویمن نے دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ میچ میں بنگلہ دیش کی خواتین ٹیم کو 106 رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ مہمان بنگلہ دیشی خواتین ٹیم نے میزبان ویسٹ انڈین کی جانب سے ملنے والا 202 رنز کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی اور مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں پر 95 رنز بنا سکی۔ ویسٹ انڈیز ویمن کی جانب سے مایہ ناز اوپننگ بلے باز کیانہ جوزف نے 63 رنز کی عمدہ اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا اور میچ کی بہترین کھلاڑی قرار پائیں۔ جمعرات کو وارنر پارک، باسیٹیرے، سینٹ کٹس کے مقام پر کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں ویسٹ انڈین ویمنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 201 رنز بنا کر بنگلہ دیش ویمنز کو میچ میں کامیابی کے لئے 202 رنز کا ہدف دیا۔ ویسٹ انڈیز کی اوپننگ بلے باز کیانہ جوزف نے 63 رنز کی دلکش اننگز کھیلی، ڈینڈرا ڈوٹن 49 رنز کے ساتھ دوسری نمایاں بلے باز رہیں۔ بنگلہ دیش کی جانب سے فہیمہ خاتون نے عمدہ باؤلنگ کرتے ہوئے تین جبکہ رابعہ خان نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں بنگلہ دیشی خواتین ٹیم نے ویسٹ انڈین کی جانب سے ملنے والا 202 رنز کا ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی اور مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں پر 95 رنز بنا سکی۔ شرمین اختر 22 اور شورنا اختر 16 رنز بنا سکیں۔ ویسٹ انڈیز کی طرف سے چیری این فریزر، ایفی فلیچر اور کپتان ہیلی میتھیوز نے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ یوں ویسٹ انڈیز ویمن نے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلہ دیش کو 106 رنز سے ہرا کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ کیانہ جوزف کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا



لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے آخری مرحلے کی افتتاحی تقریب کے موقع پر پنجاب کے تمام ڈویژن کے کھلاڑی مارچ پاسٹ کر رہے ہیں

چیمپئنز ٹرافی، ٹکٹ کی قیمت میں 10 فیصد اضافہ ہو گیا

شائقین کی دلچسپی دیکھتے ہوئے آن لائن ٹکٹوں کی تعداد بڑھائی ہے، اضافہ

ایونٹ کے تمام میچز کے ٹکٹوں کیلئے کیا گیا

لاہور (عمران سہیل) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹوں کی قیمت میں 10 فیصد اضافہ کر دیا۔ پی سی بی کے مطابق شائقین کی دلچسپی دیکھتے ہوئے آن لائن ٹکٹوں کی تعداد بڑھائی ہے، اضافہ ایونٹ کے تمام میچز کے ٹکٹوں کیلئے کیا گیا ہے۔ اس سے قبل پی سی بی نے پہلے مرحلے میں 30 فیصد ٹکٹس ان فروخت کیلئے پیش کیے تھے، چیمپئنز ٹرافی ٹکٹس کی آن لائن فروخت میں شائقین کرکٹ نے غیر معمولی جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ 3 میچز کے ٹکٹ مکمل فروخت ہو گئے، جن میں پاکستان اور نیوزی لینڈ، ان سٹریلیا اور انگلینڈ اور پاکستان اور بنگلادیش میچز شامل ہیں۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کا میچ 19 فروری کو کراچی میں، ان سٹریلیا اور انگلینڈ کا میچ 22 فروری کو لاہور اور پاکستان اور بنگلادیش کا مقابلہ 27 فروری کو راولپنڈی میں ہوگا۔ پی سی بی اعلامیے کے مطابق دوسرے مرحلے میں فزیکل ٹکٹس 3 فروری سے فروخت ہوں گے، 100 سے زائد ٹکٹس ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز سے بیچے جائیں گے۔ پی سی بی حکام کے مطابق ٹکٹوں کی فروخت پر عوامی ردعمل خوش کن ہے، چند گھنٹوں میں ٹکٹس کی فروخت شائقین کی دلچسپی کی عکاس ہے۔ پی سی بی حکام کے مطابق پاکستانی شائقین اپنی ٹیم کے ساتھ کھڑے ہیں جو اچھی خبر ہے، ہم زیادہ سے زیادہ تماشائیوں کو میچز دکھانے کی سہولت فراہم کریں گے۔

قازقستان کے ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن الیگزینڈر ریبلک اوپن سنڈی

فرانس ٹینس میز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

پیرس (این این آئی) قازقستان کے ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن الیگزینڈر ریبلک اوپن سنڈی فرانس ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ 27 سالہ قازقستان کے ٹینس سٹار الیگزینڈر ریبلک نے میز سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میچ میں جرمنی کے حریف کھلاڑی ڈومینک کوفر کو سٹریٹ سیٹس میں شکست دے کر ٹاپ ایٹ راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ فرانس کے مشہور شہر مونٹ پیلیئر میں واقع سنڈی فرانس اریناں میں جاری اے ٹی پی ایونٹ میں سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں۔ جمعرات کو مونٹ پیلیئر کے سنڈی فرانس اریناں میں کھیلے گئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں قازقستان کے ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن الیگزینڈر ریبلک نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے جرمنی کے حریف کھلاڑی ڈومینک کوفر کو سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 2-6 سے شکست دے کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کر لیا۔ قازقستان کے ٹینس سٹار اور دفاعی چیمپئن الیگزینڈر ریبلک اوپن سنڈی فرانس ٹینس میز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

سنگاپور اوپن ٹینس ٹورنامنٹ، برطانوی کھلاڑی ایمارا ڈوکانو کا ابتدائی

راؤنڈ میں سفر تمام

سنگاپور (این این آئی) برطانوی ٹینس سٹار ایمارا ڈوکانو سنگاپور اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے ابتدائی راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہو گئیں۔ سپین کی 27 سالہ ٹینس سٹار کرسٹینا بکسا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں برطانوی حریف کھلاڑی ایمارا ڈوکانو کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ سنگاپور اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے سنگاپور کے کالنگ ٹینس سنٹر میں جاری ہیں جس میں شائقین ٹینس کو عمدہ مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں سپین کی 27 سالہ ٹینس سٹار کرسٹینا بکسا نے برطانوی حریف کھلاڑی 2021ء کی یو ایس اوپن چیمپئن ایمارا ڈوکانو کو 7-5، 5-7 اور 5-7 سے ہرا کر نہ صرف ایونٹ سے باہر کر دیا بلکہ ٹورنامنٹ کا فاتحانہ انداز میں آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔ سپین کی 27 سالہ ٹینس سٹار کرسٹینا بکسا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے برطانوی حریف کھلاڑی ایمارا ڈوکانو کو شکست دیدی

بنگلہ دیش پریمیئر لیگ میں یکم فروری کو مزید دو میچز کا فیصلہ ہو گا



بنگلہ دیش کے بلے باز نجم الحسین شانتو آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کے دوران افغانستان کے خلاف بیٹنگ کرتے ہوئے (فائل فوٹو/اے ایف پی)

پہلا میچ ڈھاکہ کیپٹلز اور کھلنا ٹائیگرز کے درمیان، دوسرے میچ میں

فارچیون باریشال اور چٹاگانگ کنگز کی ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں یکم فروری کو مزید دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ ڈھاکہ کیپٹلز اور کھلنا ٹائیگرز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ دوسرے میچ میں فارچیون باریشال اور چٹاگانگ کنگز کی ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی۔ بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) کے دلچسپ مقابلے بنگلہ دیش میں جاری ہیں جس میں دنیا کے نامور کرکٹر اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھا رہے ہیں اور شائقین کرکٹ کو دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ بنگلہ دیش پریمیئر لیگ میں یکم فروری کو میگا ایونٹ کے 41 ویں میچ میں ڈھاکہ کیپٹلز اور کھلنا ٹائیگرز کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی، ڈھاکہ کیپٹلز کی قیادت لٹن داس کریں گے اور کھلنا ٹائیگرز کی ٹیم کو مہدی حسن مرزا کریں گے۔ اسی روز ٹورنامنٹ کا 42 ویں میچ میں فارچیون باریشال اور چٹاگانگ کنگز کی ٹیمیں نبرد آزما ہوں گی۔ فارچیون باریشال کی ٹیم کی قیادت مایہ ناز بلے باز تمیم اقبال کریں گے جبکہ چٹاگانگ کنگز کی ٹیم کو محمد مثھن لیڈ کریں گے۔ بی پی ایل کے دونوں میچز شیر بنگلہ نیشنل سٹیڈیم، ڈھاکہ میں کھیلے جائیں گے۔ بنگلہ دیش پریمیئر لیگ کا فائنل میچ 7 فروری کو ڈھاکہ میں کھیلا جائے گا۔ پہلا میچ ڈھاکہ کیپٹلز اور کھلنا ٹائیگرز کے درمیان، دوسرے میچ میں فارچیون باریشال اور چٹاگانگ کنگز کی ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی۔

اسٹیو اسمتھ نے ویرات کوہلی کا اہم ریکارڈ توڑ دیا

ویرات کوہلی کا اپنے ملک کے علاوہ دوسرے ممالک میں سب سے زیادہ سنچری اسکور کرنے کا ریکارڈ توڑ دیا

گال (این این آئی) آسٹریلیا کے بیٹر اسٹیو اسمتھ نے بھارت کے ویرات کوہلی کا ایک بڑا ریکارڈ توڑ کر لسٹ میں پہلی جگہ حاصل کر لی۔ اسٹیو اسمتھ نے گال میں گزشتہ روز سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ میچ میں اپنے کیریئر کے 10 ہزار رنز مکمل کیے، ساتھ ہی انہوں نے سنچری بھی اسکور کی جو کہ ان کے ٹیسٹ کیریئر کی 35 ویں سنچری تھی۔ ٹیسٹ کی 205 اننگز میں 10 ہزار رنز مکمل کیے اور وہ 10 ہزار ٹیسٹ رنز بنانے والے دنیا کے 15 ویں کھلاڑی ہیں۔ بات یہیں ختم نہیں ہوئی اسٹیو اسمتھ نے سری لنکا کے خلاف جو سنچری بنائی وہ ان کے کیریئر کی 17 ویں سنچری تھی اپنے ملک سے باہر بنائی۔ اپنے ملک سے باہر سنچری بنانے کے بعد اسٹیو اسمتھ نے ویرات کوہلی کا اپنے ملک کے علاوہ دوسرے ممالک میں سب سے زیادہ سنچری اسکور کرنے کا ریکارڈ توڑ دیا۔ اس سے قبل ویرات کوہلی بھارت سے باہر سب سے زیادہ 16 ٹیسٹ سنچری بنا چکے تھے۔ علاوہ ازیں 35 سالہ بیٹر اپنے ہم وطن کھلاڑی رکی پونٹنگ، ایلن بورڈر، اسٹیو واگ کے ساتھ 10 ہزار رنز بنانے والوں کی فہرست میں بھی شامل ہو گئے ہیں۔ ٹیسٹ فارمیٹ میں سب سے زیادہ 15 ہزار 921 رنز بنا کر بھارت کے سچن ٹنڈولکر پہلے نمبر پر براجمان ہیں۔



کراچی نیشنل اسٹیڈیم کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے

انٹرنیشنل





شامی شہری دفاع کا ایک کارکن 28 جنوری 2025 کو دارالحکومت دمشق کے مضافات میں واقع علاقے سبینہ میں دو الگ الگ تہہ خانوں میں انسانی باقیات کا معائنہ کرتے ہوئے (اے پی)

شاہ فیصل پرائز کی طرف سے خدمتِ اسلام کے فاتحین کا اعلان

مصحف تبیان پروجیکٹ اور سمیع عبداللہ المغلوت کو مشترکہ طور پر انعام دیا گیا



ریاض (این این آئی) شاہ فیصل انعام برائے خدمتِ اسلام 2025 بہرے افراد کے مصحف تبیان پراجیکٹ اور جنرل اتھارٹی برائے سروے اور جیوسپیشل انفارمیشن کے مشیر سمیع عبداللہ المغلوت کو مشترکہ طور پر دیا گیا ہے۔ مصحف تبیان پراجیکٹ فاردی ڈیف کھم ایسوسی ایشن کی طرف سے ایک سعودی اقدام ہے جو معذور افراد کی خدمت پر مامور ہے۔ اشاروں کی زبان میں مکمل قرآنی تفسیر کی فراہمی اور سماعت سے محروم افراد کے لیے ایک انٹرایکٹو قرآن فراہم کرنے پر مصحف تبیان پراجیکٹ کو انعام دیا گیا۔ یہ قرآنی تفسیر کے لیے ایسی تکنیکوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک جدید طریقہ پیش کرتا ہے جو سماعت سے محروم افراد کے لیے قرآن پاک کے مفہوم پر غور کرنا اور سمجھنا ممکن بناتی ہیں۔ سمیع عبداللہ المغلوت کو یہ انعام اسلامی تاریخ کو دستاویزی شکل دینے، تاریخی اور جغرافیائی ارضیاتی نقشوں کے میدان میں ان کی کامیابیوں اور زیرِ بحث موضوعات کے تنوع اور جامعیت دونوں میں ان کے کارناموں پر دیا گیا ہے جن میں اسلامی تاریخ کے بیشتر پہلو، یادگاریں اور مراحل شامل ہیں۔ سعودی شہری کے کام میں پیغمبرِ اسلام کی زندگی، انبیا و رسل کی تاریخ، خلفائے راشدین، مذاہب پر نقشوں، قرآنِ کریم میں بیان کردہ مقامات، اسلامی فرقوں اور مکاتبِ فکر، علمائے حدیث اور قرآن پاک کے ترجمان شامل ہیں۔ اس سے قبل آٹھ جنوری کو خدمتِ اسلام کے علاوہ کے ایف پی کی پانچ کیٹیگریز میں انعامات کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس کے بعد فاتحین کا اعلان کرتے ہوئے کے ایف پی کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر عبدالعزیز السبیل نے کہا: باریک بینی سے غور وخوض کے بعد سلیکشن کمیٹیاں اسلامی علوم، عربی زبان و ادب، طب اور سائنس میں انعامات کے لیے فیصلہ کر چکی ہیں۔

اس تصویر میں غزہ میں فلسطینی قیدی عبدالرحمٰن المقداد کے خاندان والے ان کی تصویر دکھاتے ہوئے (اے ایف پی/ بشار طالب)

لیسٹر میں 2022 کے فسادات میں ہندو انتہا پسندوں نے اہم

کردار ادا کیا، ہوم آفس کی رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ کے علاقے لیسٹر میں 2022 کے فسادات میں ہندو انتہا پسندوں نے اہم کردار ادا کیا، برطانوی ہوم آفس کی رپورٹ منظر عام پر آ گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پہلی بار ہندوتوا کا تفصیلاً ذکر کسی برطانوی سرکاری دستاویز میں کیا گیا۔ رپورٹ میں انسداد انتہا پسندی پروگرام کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کیلئے نظریات کے بجائے رویوں اور پرتشویش سرگرمیوں پر توجہ دینے اور ہندوتوا، انتہا پسند بدگمانی اور تشدد کی طرف راغب کرنے والی متعدد وجوہات اور سرگرمیوں کا احاطہ کرنے پر زور دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق مسلم اور ہندو دونوں برادریوں کے موقع پرستوں نے کشیدگی سے فائدہ اٹھانے اور مقامی برادریوں میں نفرت کو ہوا دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ لیسٹر فسادات اس وقت شروع ہوئے جب 200 ہندو، چہرے ڈھانپے ہوئے، جے شری رام کے نعرے لگاتے ہوئے ہائی فیلڈ کے علاقے میں مارچ کرتے دکھائی دیے اور ان کی مسلمان افراد سے ہاتھا پائی ہوئی۔ اطلاعات کے مطابق ہوم سیکرٹری ایوویٹ کوپر نے اپنے محکمے کی سفارشات سے اتفاق نہیں کیا ہے اور وہ پالیسی کا مرکز اسلام پسند اور انتہائی دائیں بازو کی انتہا پسندی پر مرکوز رہنے کا حکم دیں گی۔

سعودی عرب میں مشترکہ فوجی مشقیں رماح النصر 2025 جاری: مشق

کے کمانڈر ایئر فورس میجر جنرل

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں 15 ممالک کی مشترکہ فوجی مشقیں رماح النصر 2025 جاری ہیں۔ مشقوں کا انعقاد ظلائی وارسینٹر میں ہو رہا ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ مشق کے کمانڈر ایئر فورس میجر جنرل محمد بن الی العبری نے بتایا کہ اس سرگرمی کا مقصد شریک افواج کی لڑائی کی تیاری کی سطح کو بڑھانا، منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے میدان میں تجربات کا تبادلہ کرنا، مشترکہ عمل کے مفہوم کو مضبوط بنانا، موجودہ خطرات سے نمٹنے کے لیے تدابیر پر عمل کرنا اور ان کا جائزہ لینا اور تدبیری سطح پر مشترکہ عمل کا ارتقا ہے۔ العبری کے مطابق مشق میں مملکت کی مسلح افواج کے علاوہ نیشنل گارڈز کے دستے، ریاستی سیکورٹی کے دستے اور 15 ممالک شریک ہیں۔ ان میں بحرین، یونان، فرانس، قطر، مملکت متحدہ، امریکا، امارات اور پاکستان فعال فورسز کے ساتھ شامل ہیں جب کہ آسٹریلیا، مصر، اطالیہ، اردن، مراکش، جنوبی کوریا اور ہسپانیہ بطور مبصرین شرکت کر رہے ہیں۔ سعودی عرب میں مشترکہ فوجی مشقیں رماح النصر 2025 جاری: مشق کے کمانڈر ایئر فورس میجر جنرل

سدھو نے 5 مہینے سے کم عرصے میں 33 کلو وزن کم کر لیا

تصویر کیساتھ راز بھی بتا دیا، سدھو کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل، صارفین نے محنت کو سراہا

نئی دہلی (این این آئی) راجیہ سبھا کے سابق رکن اور سابق کرکٹر نوجوت سنگھ سدھو نے 5 ماہ سے بھی کم عرصے میں 33 کلو وزن کم کر کے سب کو حیران کر دیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق سدھو نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلی کیشن انسٹاگرام پر بدھ کے روز اپنی 2 تصاویر شیئر کیں، ایک 5 مہینے قبل لی گئی تھی اور دوسری حال ہی میں لی گئی۔ اگر دونوں تصاویر کو دیکھا جائے تو سدھو کے وزن میں نمایاں طور پر کمی محسوس کی جا سکتی ہے۔ نارنجی رنگ کی جیکٹ اور پگڑی والی تصویر وزن کم کرنے سے پہلے لی گئی تھی جب کہ آسمانی رنگت کی پگڑی والی تصویر حالیہ ہے۔ سدھو نے کیپشن میں لکھا 'اگست سے لے کر اب تک 5 ماہ کے کم عرصے میں میں نے 33 کلو وزن گھٹایا، یہ سب کچھ قوت ارادیت، عزم، مستقل مزاجی اور لمبی واک کی وجہ سے ہوا۔ بھارتی سیاستدان نے لکھا کہ 'ناممکن کچھ بھی نہیں ہے دوستوں۔ سدھو کی تصویر سوشل میڈیا پر کافی وائرل ہے اور صارفین ان کی محنت کو سراہ رہے ہیں۔ 'ناممکن کچھ بھی نہیں ہے دوستوں۔ سدھو کی تصویر سوشل میڈیا پر کافی وائرل ہے اور صارفین ان کی محنت کو سراہ رہے ہیں۔

اکاؤنٹ معطل کرنے کے مقدمے میں سمجھوتہ، میٹا

ٹرمپ کو 25 ملین ڈالر دینے پر آمادہ

2021 میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا سوشل اکاؤنٹ ریپبلکنز کی جانب سے کیپٹل پر حملے کے بعد معطل کیا گیا تھا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) سوشل میڈیا کمپنی میٹا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو 25 ملین ڈالر دینے پر آمادہ ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میٹا سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک اور انسٹاگرام کی پیرنٹ کمپنی ہے جس نے 2021 میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا سوشل اکاؤنٹ معطل کر دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ میٹا نے یہ اکاؤنٹ ریپبلکنز کی جانب سے کیپٹل پر حملے کے بعد معطل کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس مقدمے میں اب اہم پیش رفت سامنے آئی ہے اور بتایا جا رہا ہے کہ مقدمے پر سمجھوتے کیلئے میٹا امریکی صدر کو 25 ملین ڈالر دینے پر آمادہ ہو گیا ہے۔ میٹا کے ترجمان کا کہنا تھا کہ کمپنی نے مدعیوں کو 25 ملین ڈالر ادا کرنے پر اتفاق کیا جس میں 22 ملین ڈالر ٹرمپ کی صدارتی لائبریری کے لیے عطیہ سمجھے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میٹا نے عدالت میں دائر درخواست میں لکھا کہ 'فریقین نامزد مدعیان کے انفرادی دعوں اور اس معاملے کو حل کرنے کے لیے ایک معاہدے پر پہنچ گئے ہیں اور یہ آنے والے دنوں میں کیس ختم کرنے کی مشترکہ درخواست دائر کریں گے۔'

آسام، خاتون سے مبینہ زیادتی، بچوں کے سامنے تیزاب بھی پھینک دیا گیا

پولیس میڈیکل رپورٹ کا بھی انتظار کر رہی ہے تاکہ خاتون سے جنسی زیادتی کے بارے میں پتہ چل سکے، رپورٹ

گوہاٹی (این این آئی) بھارت کی ریاست آسام میں خاتون کو مبینہ طور پر زیادتی کا نشانہ بنا کر اس پر اس کے بچوں کے سامنے تیزاب پھینک دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آسام کے کاچھر ضلع میں 30 سالہ خاتون کو مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا گیا اور پھر اس پر اس کے 2 بچوں کے سامنے تیزاب بھی پھینک دیا گیا۔ بھارتی پولیس کے مطابق 22 جنوری کو متاثرہ خاتون کا پڑوسی زبردستی گھر میں داخل ہو گیا تھا جس کے بعد دونوں کے درمیان تلخ کلامی اور جھگڑا ہوا، خاتون نے ملزم کی کافی بے عزتی بھی کی تھی۔ بعد ازاں شوہر کے گھر سے جانے کے بعد ملزم دوبارہ خاتون کے گھر آیا، شوہر نے واپسی پر دیکھا کہ اس کی بیوی زمین پر پڑی ہے، اس کا منہ، ہاتھ اور پاں بندھے ہوئے ہیں اور اس کے جسم پر تیزاب جیسی کوئی چیز بھی پھینکی گئی ہے۔ خاتون کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں اس کی حالت تشویش ناک بتائی جا رہی ہے۔ بھارتی پولیس کے مطابق ملزم فرار ہو گیا ہے جس کی تلاش جاری ہے۔ متاثرہ خاتون کے شوہر نے جنسی زیادتی کا مقدمہ بھی درج کرا دیا ہے۔ پولیس میڈیکل رپورٹ کا بھی انتظار کر رہی ہے تاکہ خاتون سے جنسی زیادتی کے بارے میں پتہ چل سکے پولیس میڈیکل رپورٹ کا بھی انتظار کر رہی ہے تاکہ خاتون سے جنسی زیادتی کے بارے میں پتہ چل سکے، پولیس میڈیکل رپورٹ کا بھی انتظار کر رہی ہے تاکہ خاتون سے جنسی زیادتی کے بارے میں پتہ چل سکے۔

منیلا کے چائنا ٹاؤن میں سانپ کے نئے قمری سال کے پہلے دن ڈریگن اور شیر رقاص سڑک پر ہجوم کے لیے پرفارم کر رہے ہی



غزہ کی پٹی کے شمالی حصے کی طرف جاتے ہوئے صلاح الدین روڈ پر مسلح افراد کے پاس سے گزر رہے ہیں جبکہ پس منظر میں ایک اسرائیلی ٹینک نظر آ رہا ہے۔ (ایاد بابا/اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کنکورڈیا کالج سمندری کیمپس میں CTC ٹیسٹ کا انعقاد

علاقہ بھر کے ہزاروں طلباء نے شرکت کی، کنکورڈیا کالج کے اس اقدام کو سراہا گیا



سمندری (تحصیل رپورٹر) کنکورڈیا کالج سمندری کیمپس میں CTC ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر کے ہزاروں طلباء نے شرکت کی کنکورڈیا کالج کے اس اقدام کو سراہا۔اس موقع پر ڈائریکٹر کنکورڈیا کالج سمندری کیمپس رانا عبد الحفیظ ۔پرنسپل ڈاکٹر توصیف ماجد۔انچارج کیمپس رانا محسن نے میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کنکورڈیا کالج سمندری میں CTC ٹیسٹ میں ہزاروں طلباء کی شرکت کرنا عوام کا کنکورڈیا کالج پر اعتماد کی روشن مثال ہے ہمارا مقصد نوجوان نسل کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ وہ کل کو معاشرے میں اپنا اہم کردار ادا کرسکے ہم نے ہمیشہ تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہمارا تجربے کار اور اعلیٰ تعلیم یافتہ سٹاف طلباء کی مثبت تربیت کررہا ہے اس موقع پر وائس پرنسپل پروفیسر علی زیب ۔پروفیسر عبدالجبار۔انچارج شعبہ اسلامیات پروفیسر محمد احمد و دیگر موجود تھے ۔ٹیسٹ میں حصہ لینے والے طلباء نے میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کنکورڈیا کالج بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کررہا ہے ہم مستقبل میں کنکورڈیا کالج سمندری کیمپس کا حصہ بن کر اپنا مستقبل بہتر بنائیں گے۔

ایکسپوسنٹر میں لاہور شاپنگ فیسٹیول کا شاندار آغاز

پہلے روز ہزاروں افراد کی شرکت صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے ایونٹ کا افتتاح کیا



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور شاپنگ فیسٹیول کا شاندار آغاز آغاز لاہور ایکسپو سینٹر میں ہوگیا جس میں پہلے روز ہزاروں افراد نے شرکت کی۔صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے فیسٹیول کا افتتاح کیا جبکہ سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری، سابق صدر محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، سابق نائب صدر طاہر منظور چوہدری، رکن پنجاب اسمبلی سعدیہ تیمور لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران، مارکیٹ لیڈرز اور ہزاروں افراد اس موقع پر موجود تھے۔یہ تین روزہ فیسٹیول 2 فروری تک جاری رہے گا اور اس کا مقصد تجارت کو فروغ دینا، لاہور کے ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنا اور شاپنگ کے منفرد مواقع فراہم کرنا ہے۔لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد نے کہا کہ لاہور شاپنگ فیسٹیول کو تجارتی سرگرمیوں میں تیزی لانے، کاروباری مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور مقامی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

مواقع ملیں تو نوجوان ملک کی تعمیر وترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکتے ہیں: وزیر صنعت وتجارت پنجاب

کوتھم کے زیر اہتمام پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 کی تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے رائل پام گالف اینڈ کنٹری کلب کا دورہ کیا۔کوتھم کے زیر اہتمام پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ 2025 کی تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔صوبائی وزیر نے کچن سٹالوں کا معائنہ کیا۔سی ای او کوتھم احمد شفیق نے صوبائی وزیر کو مقابلوں کے انعقاد کے بارے آگاہ کیا۔صوبائی وزیر نے کوتھم کے زیر اہتمام مختلف کیٹیگریز کے مقابلوں کے وزرز میں گولڈ میڈلز اور انعامات تقسیم کیے۔مقابلوں میں حصہ لینے والے بھارت سے مرحوم شیفز کو گولڈ میڈلز اور نقد انعامات دیئے۔صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل کلنری چیمپئن شپ کا انعقاد لائق تحسین ہے اقدام ہے، ان مقابلوں میں بھارت اور دیگر صلاحیتوں سے مرحوم شیفز نے بھی حصہ لیا۔ہمارے نوجوان بہت باصلاحیت ہیں اور اگر انہیں آگے بڑھنے کے مواقع ملیں تو وہ ملک کی تعمیر وترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکتے ہیں۔چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب حکومت صوبے میں معیاری ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے کے لئے کوشاں ہے۔نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنرمند بنایا جارہا ہے۔نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرکے بااختیار بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل معیاری فنی تعلیم کے فروغ سے جڑا ہے۔صوبے میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات کئے گئے ہیں۔تقریب تقسیم انعامات میں شائستہ پرویز ملک اور مقابلوں کے شرکا نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن "تجاوزات سے پاک پنجاب" کے تحت ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن "تجاوزات سے پاک پنجاب" کے تحت ضلعی انتظامیہ اور پولیس کا تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے گزشتہ روز شہر کے بازاروں سمیت جی ٹی روڈ کا دورہ کیا اور تجاوزات آپریشن کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے اپنی نگرانی میں اندرون شہر اور جی ٹی روڈ سے عارضی و پختہ تجاوزات کو مسمار کروایا۔انہوں نے مین بازار کے تاجروں سے بھی ملاقات کر کے انہیں شیڈز سے قائم تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کی اور واضح کیا کہ عدم تعاون کی صورت میں انکروچمنٹ عملہ از خود شیڈز واگزار کروائے گا۔ڈپٹی کمشنر نے مجاہد آباد اور شہر میں واقع سبزی منڈی کا دورہ بھی کیا، پڑھی بازار کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے اشیائے خورد ونوش کی کوالٹی و قیمتوں کو چیک کیا اور تاجروں کو صفائی کا معیار برقرار رکھنے کی تاکید کی۔اور دکانداروں کو اشیاء خورد ونوش سرکاری نرخوں پر فروخت کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ گراں فروشی کرنے والے دکانداروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بجلی کی مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی



حافظ آباد (رانا آصف) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بجلی کی مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت ڈپٹی سیکریٹری جنرل پنجاب رانا تنحہ دستگیر، ضلعی امیر ملک شوکت علی پھلروان، رکن صوبائی شوریٰ امان اللہ چٹھہ، پروفیسر محمد ایوب طاہر اور حنیف گوندل نے کی۔ریلی علی پور روڈ سے شروع ہو کر فوارہ چوک پر ایک جلسہ کی شکل اختیار کرگئی جہاں مقررین نے شرکاء ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے دباؤ پر آئی پی پی سے معاہدے منسوخ کرنے کے باوجود اربوں ڈالی کی بچت عوام کو منتقل نہ کرنے پر حکومت کی پالیسی قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی گرانی سے صنعت زراعت اور تجارت تباہ ہورہی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بجلی کے ٹیرف میں فوری طور پر خاطر خواہ کمی کرکے عوام کو ریلیف دیا جائے اور ممبران اسمبلی کی تنخواہوں میں کیا گیا اضافہ واپس لیا جائے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے چھوٹے دوکانداروں کو آسان اقساط پر قرضہ جات فراہم کرنے کی ہدایات جاری

حافظ آباد (رانا آصف) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے چھوٹے دوکانداروں اور تاجروں کو کم ترین مارک اپ پر اور آسان طریقہ سے 10 لاکھ روپے سے 50 لاکھ روپے تک کے قرضہ جات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کردی گئیں جس کے بعد یہاں نیشنل بینک مین برانچ حافظ آباد کی جانب سے مقامی میرج ہال میں ایک آگاہی مہم کے سلسلہ میں تقریب منعقد ہوئی جس میں اسٹیٹ بینک گوجرانوالہ کے سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر محمد طاہر، راشد محمود چیمہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیشنل بینک کے سینئر وائس پریزیڈنٹ ملک محمد یوسف اعوان، ریجنل مینیجر خالد اقبال وائس پریزیڈنٹ، مرزا رضوان نعیم بیگ ریلیشن شپ مینیجر ظفر اقبال ناز اور محمد شبیر بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے دوکانداروں اور تاجروں کو قرضے فراہم کرنے کے لئے نیشنل بینک مین برانچ حافظ آباد میں سہولت ڈیسک قائم کردیا گیا جہاں سے تاجر اور دوکاندار ہر قسم کی راہنمائی لیکر آسان طریقہ سے کم ترین مارک اپ پر مختصر ٹائم میں قرضہ جات حاصل کرکے اپنے کاروبار کو زیادہ سے زیادہ فروغ دے سکتے ہیں تقریب سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد امجد نے بھی خطاب کیا جبکہ انجمن تاجران وینکے روڈ کے صدر محمود علی سمیت تاجر اور کاروباری شخصیوں کے راہنماؤں نے بھی تقریب میں شرکت کی اور انہوں نے اس موقع پر اسٹیٹ بینک کی جانب سے کم مارک اپ پر قرضے فراہم کرنے پر انکی پالیسی کو زبردست سراہا اور کہا کہ اس سے ملک میں کاروباری سرگرمیوں میں مزید تیزی آئے گی۔

آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے کارکنوں کا ماچھیکے آئل ڈپو کے باہر حکومت کے خلاف احتجاج کیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے کارکنوں کا ماچھیکے آئل ڈپو کے باہر حکومت کے خلاف احتجاج کیا کارکنوں نے شدید نعرے بازی کی آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر ناصر حسین منج کی قیادت میں حاجی محمد ارشد، رانا فاروق حاجی بشارت، استاد اکرم، قربان علی ملک محمد مختار ندیم احمد، جاوید اختر اور سینکڑوں کارکنوں نے پی ایس او آئل ڈپو کے باہر احتجاج کرتے ہوئے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ لاہور سمیت تمام بڑے شہروں میں آئل ٹینکرز کے داخلے پر لگائی جانے والی پابندی فوری طور پر ختم کی جائے تاکہ پٹرول سے بھرے آئل ٹینکرز کسی بڑے حادثے کا شکار نہ ہوسکیں صدر ناصر حسین منج نے کہا کہ آئے روز کہیں نہ کہیں بڑے حادثات کی وجہ سے متعدد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں جس میں شہری اور ڈرائیوروں کے خاندان متاثر ہوئے ہیں آئے روز روڈ پر ہمارے ساتھ ڈکیتیاں اور ڈرائیورز کو قتل کردیا جاتا ہے جبکہ آئل ٹینکرز کو شہروں کے باہر ہی رات کی تاریکی میں کھڑا کردیا جاتا ہے اور پولیس کی طرف سے کوئی تحفظ نہیں دیا جاتا آئل ٹینکرز میں چونکہ پٹرول ہوتا ہے ذرا سی بے احتیاطی سے جانی ومالی نقصان ہوسکتا ہے اگر ہمارے جائز مطالبات پورے نہ کیے گئے تو پنجاب سمیت ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی۔

رائل بلاک معراج سٹی متوسط طبقہ کیلئے پلاٹس خریداری انتہائی آسان ہے: بلال احمد باجوہ

ہمارا 6 سالہ پلان کم آمدن افراد وانویسٹرز کیلئے ہے: سابق صدر سٹی ہاؤسنگ



سیالکوٹ (بیورو چیف) رائل بلاک معراج سٹی متوسط طبقہ کیلئے پلاٹس خریداری انتہائی آسان ہے۔بلال احمد باجوہ۔ہمارا 6 سالہ پلان کم آمدن افراد وانویسٹرز کیلئے ہے۔سابق صدر سٹی ہاؤسنگ۔رئیل اسٹیٹ سے منسلک بزنس کمیونٹی نہ صرف ٹیکس پیئر ہے بلکہ بزنس ٹرانزیکشن وڈویلپمنٹ پر حکومت کیجانب سے ٹیکسز و دیگر سرکاری واجبات بھی ادا کررہی ہے۔رئیل اسٹیٹ بزنس کی پروموشنز کیلئے حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے رئیل اسٹیٹ بزنس مین و ڈیلرز کو اعتماد میں لیا جانا اہم ہوگا تاکہ حکومت و رئیل اسٹیٹ بزنس کمیونٹی کے مابین اعتماد سازی مزید بہتر ہو اور مثبت وقابل عمل پالیسیز پر عمل درآمد بہتر انداز میں ہوسکے۔ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری بلال احمد باجوہ سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ معراج سٹی رائل بلاک 6 سالہ پلان میں متوسط طبقہ کیلئے پلاٹس خریداری انتہائی آسان ہے جو کم آمدن افراد وانویسٹرز کیلئے بہترین ہے۔

شہریوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں۔ڈی پی او سیالکوٹ

قانون شکن عناصر کی سرکوبی کیلئے میکنزم تیار کرلیا ہے۔فیصل شہزاد



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی جانب سے اہم اقدامات اہلیان سیالکوٹ کو محفوظ سیالکوٹ دینے کے لیے سٹی سیالکوٹ اور ڈسکہ میں سنیپ چیکنگ کے لیے سپیشل ٹیمیں کی تشکیل۔یہ ٹیمیں ہائی ویز ہیلمٹ پروف جیکٹس، جدید اسلحہ اور دیگر الیکٹرانک گیجٹس سے لیس ہونگی جن کا براہ راست لنک سیف سٹی سسٹم سے ہوگا۔جو یہ ٹیمیں کرائم ہاٹ سپاٹ پر سرپرائز طور پر ایک چیک پوسٹ قائم کرینگے اور 45 منٹ کے عرصہ میں سنیپ چیکنگ کرینگے۔جہاں پر مشکوک افراد کو بذریعہ کرائم پروی ڈینشن ایپ کے ذریعے چیک کیا جائے گا۔جس سے کریمنل افراد کو کرائم سے پہلے روکا جاسکے گا۔پولیس ٹیم کے ہائی یمم کی آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ ہوگی اور یہ تمام ڈیٹا سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک ہوگا۔ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے سیالکوٹ کے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوران سنیپ چیکنگ ان ٹیموں سے آپکا تعاون بہتر خدمت میں معاون ثابت ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ عوام کی جانب سے پولیس ملازمان کے غیر مناسب رویہ کی شکایت کا ازالہ بھی ہوگا۔ایک اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے شہریوں کی جانب سے ٹریفک سٹاف کے ناروا سلوک اور غیر ضروری چالان کرنے کی شکایات کو دور کرنے کے لیے ٹریفک پولیس اسٹاف کو بھی ہائی یمم سے لیس کردیا گیا ہے۔جس کا بھی لنک سیف سٹی سسٹم سے ہوگا۔ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا ہے کہ اس جدید اور آئی ٹی بیس سسٹم سے لیس ٹیموں کا مقصد سیالکوٹ کے باسیوں کے لیے بہتر پبلک سروس ڈیلیوری مہیا کرنا ہے۔

ہیڈ بمبانوالہ خوبصورتی اور فن تعمیر میں ایک الگ مثال رکھتا ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ایک نہر کو دو بڑی نہروں میں تبدیل کرنے والا تاریخی مقام ہیڈ بمبانوالہ خوبصورتی اور فن تعمیر میں ایک الگ مثال رکھتا ہے اس ہیڈ پر بنا پل درحاضر میں ٹریفک کے لیے تنگ پڑ گیا ہے۔برٹش راج 1908 میں بنایا گیا ہیڈ بمبانوالہ فن تعمیر کا اچھوتا شہکار ہے جو کاریگری کے اعتبار سے ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے 117 سالہ تاریخ کے حامل اس ہیڈ کی خاصیت یہ ہے کہ ہیڈ مرالہ سے آنے والی نہر اس مقام پر آکر 18 دری نہر اپر چناب اور 16 دری نہر ی آرمی میں تبدیل ہوکر دو مختلف مقامات کی طرف نکل جاتی ہے ایسے تاریخ ساز مقام اپنے اندر صدیوں کی تاریخ سموئے بیٹھے ہیں تاہم وقت کے ساتھ ساتھ جدید امور پر استوار کرنے کی ضرورت رہتی ہے

جہلم: مادہ جانوروں اور کم عمر جانوروں کے ذبح کرنے پر مکمل پابندی کے حوالے سے مکمل خاموشی اختیار کررکھی ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ لائیو اسٹاک ضلع جہلم نے حیوانوں کی افزائش نسل کو فروغ دینے مادا جانوروں اور کم عمر جانوروں کے ذبح کرنے پر مکمل پابندی کے حوالے سے مکمل خاموشی اختیار کررکھی ہے۔محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ حکومت پنجاب نے ضلع جہلم کے علاوہ صوبہ بھر میں مادہ اور چھوٹی عمر کے جانور کو ذبح کرنے کے حوالے سے مکمل پابندی عائد کررکھی ہے، پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے قصابوں اور دیگر افراد کی گرفتاری کیلئے ایس وٹرنری آفیسر یا گریڈ افسر کو اختیار بھی دے دیے گئے ہیں، اس ضمن میں معلوم ہوا ہے کہ حکومت پنجاب نے قابل افزائش مادہ جانوروں سمیت چھوٹی عمر کی بھیڑ، بکریوں، کٹوں اور بچھڑوں کو ذبح کرنے پر پابندی لگاتے ہوئے اسے ایک جرم قرار دیا ہے جس کی سزا دو سال تک قید، دو لاکھ روپے جرمانہ اور ذبح شدہ جانور کا گوشت بحق سرکار ضبط ہوگا، واضح رہے کہ شہری اور دیہاتی علاقوں میں چھوٹے بڑے گوشت کا کام کرنے والے قصاب ستے داموں کم عمر جانور اور مادہ جانور خریدنے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور پھر انکا گوشت مہنگے داموں فروخت کرکے بھاری منافع حاصل کرتے ہیں، معلوم ہوا ہے کہ ضلع جہلم میں مادہ اور کم عمر جانور ذبح کرنے والوں کیخلاف تاحال کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں کی گئی

ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی ہدایت پر ڈی ایس پی لیگل اکرام اللہ خاں کی ڈی پی او آفس کانفرنس روم میں ضلع بھر کے نائب کورٹس کے ساتھ میٹنگ



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی ہدایت پر ڈی ایس پی لیگل اکرام اللہ خاں کی ڈی پی او آفس کانفرنس روم میں ضلع بھر کے نائب کورٹس کے ساتھ میٹنگ۔میٹنگ میں ڈی ایس پی لیگل اکرام اللہ خاں نے ضلع بھر کے نائب کورٹ کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات جاری کیں منشیات و دیگر سنگین مقدمات میں ملزمان کے بری ہونے پر فوری افسران کے نوٹس میں لائیں گے اور ایسے مقدمات جو کورٹ میں زیر سماعت ہوں گے جن میں کسی بھی پولیس افسر کو شہادت کیلئے طلب کیا گیا ہو فوری طلب کنندہ کو اطلاع دی جائے گی نائب کورٹس ٹرائل میں عدالتوں کی بھرپور معاونت کرتے ہوئے شہادت فوری کروائیں، تمام پولیس افسران پیغام رسانی کے عمل کو تیز کریں اور آپس میں روابط کو مضبوط بنائیں۔

خاتون سمیت چار ملزمان کا باپ اور بیٹی پر تشدد کپڑے پھاڑ کر نیم برہنہ کردیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون سمیت چار ملزمان کا باپ اور بیٹی پر تشدد کپڑے پھاڑ کر نیم برہنہ کردیا تھانہ صدر کے علاقہ ڈھولیوالی کی خاتون شمشاد اپنی حویلی کے آگے کھڑی تھی کہ اسی دوران ملزمان فلک شیر، افتخار، چاند اور زہرہ بی بی آگئے اور آتے ہی اس کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں اس کے والد نے منع کیا تو ملزمان نے اس کو تشدد کا نشانہ بنانا شروع کردیا اور خاتون کے کپڑے پھاڑ کر نیم برہنہ کردیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کرنیوالا ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار تھانہ صدر پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ موضع چک گلاں میں ملزم اسلم پابندی کے باوجود ہوائی فائرنگ کررہا ہے جس کی وجہ سے علاقہ میں خوف وہراس پھیل گیا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے

حافظ آباد کے محلہ جیلانی پورہ میں برادری سے باہر رشتہ کرنے پر دو چچاؤں نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ بھتیجی کے نکاح کی تقریب میں فائرنگ کردی

حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ اباد کے محلہ جیلانی پورہ میں برادری سے باہر رشتہ کرنے پر دو چچاؤں نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ بھتیجی کے نکاح کی تقریب میں فائرنگ کر دی جس سے تقریب میں آئے مہمانوں نے کمروں میں چھپ کر جان بچائی پولیس نے پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ایک کو گرفتار کرلیا تھانہ سٹی میں درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق محمد نزیر چدھڑ نے اپنی بیٹی سمینہ نزیر کا رشتہ عمر مٹھمل سے طے کیا تو محمد نزیر کے دو بھائی محمد بشیر اور محمد یونس اس سے ناراض ہو گئے گزشتہ روز جب محمد نزیر کی بیٹی سمینہ نزیر کا عمر مٹھمل سے نکاح ہو رہا تھا تو اسی دوران سمینہ کے دو چچاؤں محمد بشیر اور محمد یونس نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ وہاں آ کر مبینہ طور پر فائرنگ شروع کر دی جس سے تقریب میں آئے مہمانوں میں بھگدڑ مچ گئی اور انہوں نے کمروں میں چھپ کر جان بچائی بعد ازاں ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے پولیس نے پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ایک کو گرفتار کرلیا۔

پارکو پائپ لائن سے تیل چوری میں ملوث چار رکنی گینگ گرفتار



جھنگ (بیورو رپورٹ) پارکو پائپ لائن سے تیل چوری میں ملوث چار رکنی گینگ گرفتار۔ملزمان تھانہ موچیوالا کے علاقہ میں پارکو پائپ لائن سے تیل چوری کی وارداتوں کا ارتکاب کرتے تھے۔تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ موچی والا عنصر عباس پرانے پارکو پائپ لائن سے تیل چوری کرنے والا چار رکنی گینگ گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان میں علی حسن، ناصر، غلام رسول اور احسان الحق شامل ہیں۔ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ملزم احسان الحق اور علی حسن بالترتیب تیل چوری اور ڈکیتی سمیت 14 اور 23 سنگین وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہیں۔پولیس افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ سرکاری املاک اور قومی وسائل کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔گرفتار ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا۔ڈی پی او نے پارکو پائپ لائن کی حفاظت کیلئے پولیس افسران کو پائپ لائن کے اطراف سرچ آپریشن کے بھی احکامات جاری کئے۔

کرائم فائٹر پولیس آفیسر حافظ عاطف نذیر ایس ایچ او تھانہ کنگن پور تعینات عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور کے وفد کی نیک خواہشات کے ساتھ مبارکباد



الہ آباد (نامہ نگار) کرائم فائٹر پولیس آفیسر حافظ عاطف نذیر ایس ایچ او تھانہ کنگن پور تعینات عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور کے وفد کی نیک خواہشات کے ساتھ مبارکباد تفصیلات تھانہ کنگن پور میں ایس ایچ او حافظ عاطف نذیر کی عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور کے وفد کی ملاقات ہوئی مکمل باڈی کا کہنا ہے کہ انشاء اللہ ہم یقیناً امید رکھتے ہیں کہ آپ اپنی سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کی جان ومال کا تحفظ ہر ممکن یقینی بنائیں گے اور ہر آنے والے خاص وعام سائل کو میرٹ کی بنیاد پر انصاف ان کی دہلیز پر مہیا کریں گے اور اپنے اعلیٰ افسران کے اعتماد پر پورا اتریں گے جس طرح آپ نے اپنی سابقہ تعیناتیوں میں غریب لاچار بے سہارا مظلوم سائل کو اپنی اولین ترجیح سمجھا اور ان کی دادرسی کرتے رہے ہیں اور اس کے بدلے ڈھیروں دعائیں لگاتا رسمیٹ رہے ہیں بانی میاں شاہد جٹ، سید ندیم اقبال بخاری، تھانہ کنگن پور کی عوام پر امید رہیں اور پولیس کا ساتھ دیں حافظ عاطف نذیر کہا کہنا تھا کہ انشاء اللہ میں آپ کی امیدوں پر پورا اتروں گا میں خود فرنٹ لائن پر عوامی خدمت کے لیے موجود رہوں گا میری تعیناتی میں کسی بھی سائل کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ایف اے کی طالبہ کو اغواء کرنے اور منہ پر تیزاب پھینکنے کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

کنکورڈیا کالج میں ایف اے کی طالبہ ہے جسے نامعلوم لڑکا اغواء کرنے کی دھمکیاں دیتا تھا گزشتہ روز آمنہ صفدر ڈاکٹر حافظ لیاقت کے کلینک پر آئی تو ملزم نے اسے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں جس پر ڈاکٹر انبیلہ فیصل نے اس لڑکے کو اپنے پاس بلا کر سمجھانے کی کوشش کی تو وہ اغواء اور تیزاب پھینکنے کی دھمکیاں دینے لگا پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے مقدمہ درج کرکے ملزم دانش کو گرفتار کرلیا ہے۔

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں ایف اے کی طالبہ کو اغواء کرنے اور منہ پر تیزاب پھینکنے کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج۔تفصیلات کے مطابق منصورہ آباد اوکاڑہ کے رہائشی صفدر حیدر کی بیٹی آمنہ صفدر

پریکا ترمیمی بل کی صدر کی جانب سے منظوری پر لالیاں پریس کلب کا پریس کلب کے باہر احتجاج



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) پیکا ترمیمی بل کی صدر کی جانب سے منظوری پر لالیاں پریس کلب کا پریس کلب کے باہر احتجاج۔احتجاج میں لالیاں پریس کلب کے صحافیوں سے سمیت سیاسی وسماجی لوگوں کی شرکت۔پیکا ایکٹ کے خلاف نعرے بازی۔تفصیلات کے مطابق قانون سازی کے ایوان بالا وزیریں اور قائمہ کمیٹی سے منظوری کے بعد پیکا ایکٹ کو شدید تنقید کا سامنا ہے ایک طرف اپوزیشن احتجاج کررہی تو دوسری جانب ملک بھر میں صحافی برادری سراپا احتجاج ہے اسی حوالے سے لالیاں پریس کلب کی جانب سے پیکا ایکٹ قانون کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔جسمیں لالیاں پریس کلب کے صحافیوں سمیت سیاسی وسماجی لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

تھانہ نورشاہ کے علاقے میں رسم حنا کے پروگرام پر فحاشہ گانوں پر سرعام ڈانس پارٹیاں ہونا معمول بن گیا

گمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ نور شاہ کے علاقے میں رسم حنا کے پروگرام پر فاحشہ گانوں پر سرعام ڈانس پارٹیاں ہونا معمول بن گیا ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے لگی پولیس تھانہ نورشاہ بااثر افراد کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں آر پی او ساہیوال سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نور شاہ کے علاقے آئے روز تقریب مہندی پروگرام میں لاؤڈ سپیکر کی خلاف ورزیاں کرکے فحاشہ گانوں پر ڈانس پارٹیاں ہونا معمول بن گیا نام شفقت گنڈال۔مجاہد والد نوشیر قوم پٹھیاں قصبہ نورشاہ جس کی وجہ سے اہل علاقہ شدید پریشان پولیس تھانہ نورشاہ ڈانس پارٹیوں کے حوالے سے اپنی آنکھیں بند کرکے خاموش تماشائی اور بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی اہل علاقہ تھانہ نورشاہ کا آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ایسی ڈانس پارٹیوں کو روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ڈانس پارٹیوں کا اہتمام کرنے والے بااثر افراد کے خلاف قانونی کاروائی کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

اہم شاہراہ یونس روڈ خستہ حالی کی وجہ سے پریشانی کا باعث بن گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) اہم شاہراہ یونس روڈ خستہ حالی کی وجہ سے پریشانی کا باعث بن گیا کھڈے حادثات کا باعث جبکہ سفر کرنا انتہائی دشوار اہل علاقہ نے تعمیر کا مطالبہ کیا ہے تفصیل کے مطابق درجنوں دیہات کو شہر سے ملوانے والی اہم شاہراہ یونس روڈ حکومتی توجہ کا منتظر ہے گہرے کھڈے اور خستہ حالی کی وجہ سے سفر کرنا دشوار ہے بارش کے دنوں میں سیوریج اور بارش کا پانی کئی کئی دن تک موجود رہتا ہے جس سے اہل علاقہ کی مشکلات مزید بڑھ جاتی ہیں اس کی از سر نو تعمیر انتہائی ضروری ہے اہل علاقہ نے وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سے مطالبہ کیا ہے کہ یونس روڈ کو فوری از سر نو تعمیر کیا جائے تاکہ روزانہ گزرنے والے افراد کی مشکلات کم ہوسکیں۔

چ

''قوت'' کلاسیفائیڈ
تمام اشتہارات نیٹ بکتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

تبدیلی نام

میں نے اپنا نام محمد سے تبدیل کر کے محمد جواد رکھ لیا ہے۔ آسمہ وجھے میرے اس تبدیلی نام پر مبارکباد دے کر اپنا احترام اور میری تبدیلی انا، پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات میں یہ نام تبدیل کیا جائے۔
اشتہار محمد جواد محمد بھٹی، پنجہ شاہ راہ اردو

بقیہ جات 1

بقیہ جات لے کے چلے جانے والے تھے پر فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ میں سکاری قافلے کی قیادت کرنے والے اسسٹنٹ کمشنر محمد شاہ زیب خانزادہ بال بال بچ گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر ان کی جان بچانے کے لیے پشتو زبان میں کہتے رہے کہ ہمیں مت مارو ہم آپ کے بھائی ہیں جب کہ دوسری جانب کوہاٹ میں کشیدہ آئس میں بڑی مقدار میں چھینے ہوئے 66 افراد کا سیاب اغوا کر لیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق 66 افراد، جن میں خواتین و بچے بھی شامل ہیں، کو ہفتہ کی صبح ضلع کوہاٹ کے علاقے شکر درہ سے اغوا کیا گیا۔ ان افراد کو ایک نجی بس میں اغوا کیا گیا تھا جو کہ ہنگو سے کوہاٹ جا رہی تھی۔ اغوا کاروں نے بس کو روکا اور مسافروں کو یرغمال بنا لیا۔ ان افراد کو اغوا کرنے کے بعد پہاڑی علاقے میں لے جایا گیا۔ اغوا کاروں نے ان افراد کی رہائی کے بدلے 10 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا ہے۔ اغوا کاروں نے یرغمالیوں کے اہل خانہ کو دھمکی دی ہے کہ اگر تاوان کی رقم ادا نہ کی گئی تو یرغمالیوں کو قتل کر دیا جائے گا۔ پولیس نے اغوا کاروں کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ پولیس نے یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی ہے۔ ٹیم میں پولیس کے اعلیٰ افسران شامل ہیں۔ ٹیم کے ارکان یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس نے یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے ایک ہیلپ لائن بھی قائم کی ہے۔ یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے کسی بھی معلومات کے لیے اس ہیلپ لائن پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اغوا کاروں کے خلاف کارروائی کے لیے پولیس ن

نرسنگ شعبہ نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، خواجہ سلمان رفیق

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار لاہور میں 915 بستروں پر مشتمل اسٹیٹ آف دی آرٹ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے

نرسنگ شعبہ نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، کینسر کا شکار مریضوں کے علاج و معالجہ میں نرسنگ شعبہ کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے شریف میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں کینسر کون 17 نرسنگ سپوزیم میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو شریف میڈیکل سٹی ڈاکٹر محمد عدنان خان، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، پرنسپل شریف میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج پروفیسر فرحت فرحید رضا، پروفیسر ہارون جاوید، ڈاکٹر فرقد علیگیر، پروفیسر ارشد چیف، پرنسپل سرگودھا میڈیکل کالج پروفیسر وارث فاروقہ، ڈاکٹر عامر مقتی، ڈاکٹر فروس گوئر، پروفیسر عمران انور، پروفیسر صائمہ انعام، پروفیسر رضا سید، ڈاکٹر صوف، ڈاکٹر محسن گیلانی، فیکلٹی ممبران، الائیڈ سٹی ڈاکٹر محمد عدنان خان، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، پرنسپل شریف میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج پروفیسر فرحت فرحید رضا، پروفیسر ہارون جاوید، ڈاکٹر فرقد علیگیر، پروفیسر ارشد



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق شریف میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں آگاہی سپوزیم کے دوران یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

عمران خان جیل میں رہ کر بھی قوم کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، مسرت جمشید

پی ٹی آئی کو پاکستان کی سیاست سے ہائبرڈ نہیں کہا جائے گا، سینیٹر رہنما کا انصاف تحریک انصاف

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینیٹر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بدترین سیاسی انتقام اور ظلم کی صعوبتوں کے باوجود عمران خان کا پرعزم ہیں، عمران خان نے جب بھی جیل میں ملاقات ہوئی ہے ہمارے حوصلوں کو نئی توانائی ملی، میرے اور پچاس سے زائد مقدمات ہیں جن میں پیشیاں بھگت رہی ہوں۔ اپنے جیالوں کا حوصلہ ہوں اور سیاست سے دور کا بھی تعلق نہیں تھا میں (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 36)

5 برس سے ایک پاکستانی کا اپنے خاندان والوں میں سے کسی کو طلاق ہونے کا انکشاف

کھیپ میں پانچ خواتین سمیت 6 پاکستانی رہا، 7 کروڑ کے حساس آلات برآمد، 2 ملزمان گرفتار

بنکاک/لاہور (این این آئی) تھائی لینڈ کے ان شہریوں کو 7 اکتوبر کو امریکی سے حاس کے عسکری ونگ اقتسام پر گرفتار کیا تھا۔ ترکیہ کے قومی حساس (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 54)

عمران خان کیلئے ہائبرڈ کا ٹیرر زمین پانی کی سطح میں کمی پر اظہار تشویش

پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہیگا، جسٹس شاہد کریم

حکومت پنجاب نے زمین روڈ اور کیوں ٹرانسفر کی؟ آخر میں اس زمین پر پاکستان سوسائٹی نئی بنا دیں، بورڈ آف ریونیو، روڈ اکونومز چاری

لاہور (این این آئی) ہائیکورٹ نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہیگا، جسٹس شاہد کریم ساحت جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس میں کہا کہ پی ٹی آئی دور حکومت میں ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم کے گھر سے چوری کی واردات ہوئی تھی، عمران خان کو ہدایت کی تھی کہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرایا جائے، ہائیکورٹ کے حکم پر ملزمان کو گرفتار کیا گیا تھا، عمران خان نے جب بھی جیل میں ملاقات کی ہے ہمارے حوصلوں کو نئی توانائی ملی ہے، میرے اور پچاس سے زائد مقدمات ہیں جن میں پیشیاں بھگت رہی ہوں۔ اپنے جیالوں کا حوصلہ ہوں اور سیاست سے دور کا بھی تعلق نہیں تھا میں (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 36)

مسٹر جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ پانی کا ضائع ہو رہا ہے گا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم کے گھر سے چوری کے تدارک کے لیے شہری ہادون فاروق و دیگر کی درخواستوں پر سماعت کے دوران (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 34)



لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاہ ایکسپو سنٹر میں لاہور شاپنگ فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان آئی ٹی فری لانسنگ کا دوسرا بڑا ملک ہے، رضوان سعید شیخ

پاک امریکہ تعلقات میں تجارت سب سے مستحکم پہلو رہا، ہم معیاری سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں جو انہیں مواقع خود پیدا کرے، پاکستان کی ترقی کا دوسرا سب سے بڑا انسانی وسائل ہے، امریکی جریدے واشنگٹن ڈیپلومیٹ کے معروف پروگرام میں اظہار خیال

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر آئی ٹی فری لانسنگ کا دوسرا سب سے بڑا ملک ہے، پاک امریکہ تعلقات میں تجارت سب سے مستحکم پہلو رہا ہے، ہم معیاری سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں جو انہیں مواقع خود پیدا کرے، پاکستان کی ترقی کا دوسرا بڑا انسانی وسائل ہے، امریکی جریدے واشنگٹن ڈیپلومیٹ کے معروف پروگرام میں اظہار خیال میں پہلی بار سلامتی پالیسی میں تعلیم، صحت اور سماجی و اقتصادی استحکام کو کلیدی حیثیت دی گئی ہے، انسانی وسائل کی ترقی پاکستان کے تاریخ



لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام منگل بجلی اور آٹے کی قیمتوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

معاشی استحکام کی علامات کی مخالفوں پر ظاہر ہو رہی ہیں، راجہ رحیل اشفاق

صنعتوں پر ٹیکس کا بوجھ توازن اور سطح سے نیچے گنا زیادہ ہے، چیئرمین پاکستان آئل ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان آئل آئرن ایسوسی ایشن و آئیگرو کیمو مہر یاف راجہ رحیل اشفاق نے کہا ہے کہ ہمیں ذاتی مالیاتی خطرات میں کمی انتہائی خوش آئند ہے جبکہ معاشی استحکام کی علامات

راولپنڈی میں بھکاریوں کیخلاف گرینڈ آپریشن، 87 گرفتار

پیشہ ور بھکاری چوری، منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہیں، ترجمان پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی شہر میں پولیس کی جانب سے بھکاریوں کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع ہو گیا ہے، جس میں 87 گرفتاریاں ہوئی ہیں۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر شہر کو بھکاریوں سے پاک کرنے کیلئے خصوصی مہم شروع کی گئی ہے، اس مہم کا مقصد شہریوں کو ہراساں کرنے والے پیشہ ور بھکاریوں کے گروہوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 53)

بنکاک: غزہ، تھائی قیدیوں کی رہائی میں ترکیہ نے مدد کی

پانچ رہا شہریوں کو ہسپتال لے جایا گیا ہے تاکہ طبی معائنہ کیا جا سکے، تھائی وزارت خارجہ

بنکاک/انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے حساس ادارے نے تھائی لینڈ کے پانچ شہریوں کی غزہ سے رہائی میں مدد کی ہے، اس کا اظہار ترکی وزارتِ خارجہ نے کیا۔ جب غزہ سے قیدیوں کی رہائی کی خبر

ہوائی کیوں کا ٹیرر زمین پانی کی سطح میں کمی پر اظہار تشویش

پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہیگا، جسٹس شاہد کریم

حکومت پنجاب نے زمین روڈ اور کیوں ٹرانسفر کی؟ آخر میں اس زمین پر پاکستان سوسائٹیز نئی بنا دیں، بورڈ آف ریونیو، روڈ اکونومز چاری

لاہور (این این آئی) ہائیکورٹ نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ پانی کی کمی سب سے اہم مسئلہ بن چکا ہے، جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہیگا۔ جسٹس شاہد کریم کے گھر سے چوری کی واردات ہوئی تھی، عمران خان کو ہدایت کی تھی کہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرایا جائے، ہائیکورٹ کے حکم پر ملزمان کو گرفتار کیا گیا تھا، عمران خان نے جب بھی جیل میں ملاقات کی ہے ہمارے حوصلوں کو نئی توانائی ملی ہے، میرے اور پچاس سے زائد مقدمات ہیں جن میں پیشیاں بھگت رہی ہوں۔ اپنے جیالوں کا حوصلہ ہوں اور سیاست سے دور کا بھی تعلق نہیں تھا میں (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 36)

مسٹر جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ پانی کا ضائع ہو رہا ہے گا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم کے گھر سے چوری کے تدارک کے لیے شہری ہادون فاروق و دیگر کی درخواستوں پر سماعت کے دوران (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 34)

لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاہ ایکسپو سنٹر میں لاہور شاپنگ فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان آئی ٹی فری لانسنگ کا دوسرا بڑا ملک ہے، رضوان سعید شیخ

پاک امریکہ تعلقات میں تجارت سب سے مستحکم پہلو رہا، ہم معیاری سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں جو انہیں مواقع خود پیدا کرے، پاکستان کی ترقی کا دوسرا سب سے بڑا انسانی وسائل ہے، امریکی جریدے واشنگٹن ڈیپلومیٹ کے معروف پروگرام میں اظہار خیال

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر آئی ٹی فری لانسنگ کا دوسرا سب سے بڑا ملک ہے، پاک امریکہ تعلقات میں تجارت سب سے مستحکم پہلو رہا ہے، ہم معیاری سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں جو انہیں مواقع خود پیدا کرے، پاکستان کی ترقی کا دوسرا بڑا انسانی وسائل ہے، امریکی جریدے واشنگٹن ڈیپلومیٹ کے معروف پروگرام میں اظہار خیال میں پہلی بار سلامتی پالیسی میں تعلیم، صحت اور سماجی و اقتصادی استحکام کو کلیدی حیثیت دی گئی ہے، انسانی وسائل کی ترقی پاکستان کے تاریخ

لاہور: جماعت اسلامی کے زیر اہتمام منگل بجلی اور آٹے کی قیمتوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

معاشی استحکام کی علامات کی مخالفوں پر ظاہر ہو رہی ہیں، راجہ رحیل اشفاق

صنعتوں پر ٹیکس کا بوجھ توازن اور سطح سے نیچے گنا زیادہ ہے، چیئرمین پاکستان آئل ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان آئل آئرن ایسوسی ایشن و آئیگرو کیمو مہر یاف راجہ رحیل اشفاق نے کہا ہے کہ ہمیں ذاتی مالیاتی خطرات میں کمی انتہائی خوش آئند ہے جبکہ معاشی استحکام کی علامات

راولپنڈی میں بھکاریوں کیخلاف گرینڈ آپریشن، 87 گرفتار

پیشہ ور بھکاری چوری، منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہیں، ترجمان پولیس

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی شہر میں پولیس کی جانب سے بھکاریوں کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع ہو گیا ہے، جس میں 87 گرفتاریاں ہوئی ہیں۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر شہر کو بھکاریوں سے پاک کرنے کیلئے خصوصی مہم شروع کی گئی ہے، اس مہم کا مقصد شہریوں کو ہراساں کرنے والے پیشہ ور بھکاریوں کے گروہوں کا خاتمہ کرنا ہے۔ (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 53)

بنکاک: غزہ، تھائی قیدیوں کی رہائی میں ترکیہ نے مدد کی

پانچ رہا شہریوں کو ہسپتال لے جایا گیا ہے تاکہ طبی معائنہ کیا جا سکے، تھائی وزارت خارجہ

بنکاک/انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے حساس ادارے نے تھائی لینڈ کے پانچ شہریوں کی غزہ سے رہائی میں مدد کی ہے، اس کا اظہار ترکی وزارتِ خارجہ نے کیا۔ جب غزہ سے قیدیوں کی رہائی کی خبر

پی آئی اے نے برطانیہ کے لیے پروازوں کی بحالی کی تیاری شروع کر دی

سی اے اے حکام اس دورے کے بعد برطانیہ کے لیے فلائٹ آپریشن کے بحالی کے لیے پر امید ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) نے برطانیہ کے لیے پروازوں کی بحالی کی تیاری شروع کر دی ہے۔ پی آئی اے نے لندن، مانچسٹر اور برمنگھم کے ہوائی اڈوں پر اندرون

وزیر توانائی ناصر شاہ سے جرمنی کے وفد کی ملاقات

سندھ حکومت کا 350 میگاواٹ کا سولر پاور پروجیکٹ منصوب، دنیا کا دوسرا سب سے بڑا منصوبہ ہوگا، ناصر شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر توانائی، ترقیات و منصوبہ بندی سندھ سید ناصر حسین شاہ سے جرمنی کے ایک وفد نے ملاقات کی اور اس موقع پر ان کی حکومت سرمایہ کاری کے حوالے سے مختلف آفرز پر تبادلہ خیال



قصور: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اور کنزیٹو حیدر خان سالانہ سپورٹس گالا 2025 کا افتتاح کر رہے ہیں

حکومت کی کارکردگی صرف بیانات تک محدود ہے، جے یو آئی

ملک میں صرف مہنگائی دن و رات بڑھنے کی ترقی کر رہی ہے، غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام (ف) مولانا فضل الرحمان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شفیع بٹ، سالار، مولانا عمر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم مولانا عمر ہاشم انتہائی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شفیق بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ

امریکی سیکورٹی کمپنی نے اپنے کنٹریکٹروں کو غزہ بھیجا، ای میل میں انکشاف

امریکی سیکورٹی کمپنی کے ترجمان نے مذکورہ ای میل کے درست ہونے کی تصدیق کر دی

بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی کارکردگی صرف بیانات تک محدود ہے، ہر طرف اقربا پروری، انتظامی مشینری مطلوبہ نتائج دینے سے قاصر ہے، ملک میں صرف مہنگائی، دن و رات چھٹی ترقی کر رہی ہے غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہر آنے والا دن حالات ایک طویل عرصے سے (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 43)

غزہ: اسرائیل نے فلسطینیوں کی رہائی مؤخر کر دی

فلسطینیوں کی رہائی افراتفری اور بھگدڑ کے جواب میں مؤخر کی، اسرائیلی ذرائع

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں حماس تنظیم کی جانب سے 3 اسرائیلی اور 5 تھائی یرغمالیوں کو صلیب احمر کے حوالے کیے جانے کے بعد عارضی کنارے میں دونوں فلسطینیوں کے اہل خانہ اپنے پیاروں کی رہائی

پیرامیڈیکل سٹاف کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رہے گی، محمد ارشد بٹ

ہسپتالوں میں زیر علاج 70 فیصد مریضوں کو پیرامیڈیکل سٹاف اپنی خدمات دے رہا ہے، صوبائی صدر

خالق عمر (این این آئی) پنجاب پیرا میڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر محمد ارشد بٹ نے کہا ہے کہ پیرا میڈیکل سٹاف شعبہ صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ایسوسی ایشن پیرا میڈیکل ہاؤس تمام مسائل کو مرتبی بنیادوں پر حل کروایا جا رہا ہے، ان خیالات کا اظہار صوبائی صدر محمد ارشد بٹ نے گزشتہ

رمضان میں گھی اور تیل کی قلت اور قیمتوں میں بڑے اضافے کا خدشہ

اس وقت پورٹ قاسم پر 3 لاکھ ٹن پام آئل پھنسے ہوئے ہیں، عتیق اکرام

کراچی (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے رمضان المبارک کے دوران گھی اور تیل کی قلت اور قیمتوں میں بڑے اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام نے کہا کہ اس وقت پورٹ قاسم پر 3 لاکھ ٹن پام آئل پھنسا ہوا

پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی بھائی چارے کا عالمی دن 4 فروری کو منایا جائے گا

کھیپ میں پانچ خواتین سمیت 6 پاکستانی رہا، 7 کروڑ کے حساس آلات برآمد، 2 ملزمان گرفتار

بنکاک/انقرہ (این این آئی) تھائی لینڈ کے ان شہریوں کو 7 اکتوبر کو امریکی سے حاس کے عسکری ونگ اقتسام پر گرفتار کیا تھا۔ ترکیہ کے قومی حساس (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 54)

طبی و جراحی آلات کی برآمدات میں 6 ماہ کے دوران 4 فیصد اضافہ

ہسپتال کے بستر، ایمرجنسی گاڑیاں، ایکسرے مشین، ایمبولینس، ڈائیلاسز مشین، آپریشن تھیٹر لائٹس، ٹیبل، ڈینٹل یونٹ، ڈینٹل چیئر، ڈینٹل کمپریسر، ڈینٹل ایکسرے مشین، ڈینٹل آٹوکلیو، ڈینٹل ہینڈ پیس، ڈینٹل ٹربائن، ڈینٹل ہینڈ پیس، ڈینٹل ٹربائن

کراچی (این این آئی) ملک سے طبی و جراحی آلات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک اور ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں طبی و جراحی آلات کی برآمدات سے ملک کو 234.35 ملین ڈالر زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 55)

ملتان گیس باوزر دھماکہ، تھانہ مظفر آباد کا ایس ایچ او برطرف

شیئر ٹھیرتھ فراڈ نامی ایل پی جی مختلف کے اڈوں سے سینڈیکیٹ وصول کرنے میں ملوث ہیں، پولیس کا کام

ملتان (این این آئی) ملتان میں گزشتہ روز گیس باوزر سے ہونے والے دھماکے کی تحقیقات کے دوران قائد مظفر آباد کے ایس ایچ او کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق ایس ایچ او مظفر آباد شیئر ٹھیرتھ فراڈ نامی ایل پی جی مختلف کے اڈوں سے سینڈیکیٹ وصول کرنے میں ملوث ہیں۔ عہدے سے ہٹائے جانے والے ایس ایچ او مظفر آباد کے خلاف محکمانہ انکوائری کا بھی آغاز کر دیا گیا۔ تھانہ مظفر آباد کی حدود میں پانچ روز قبل گیس باوزر میں ایل پی جی کی غیر قانونی (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 56)

وفاقی دارالحکومت میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 3 فروری سے ہوگا

شہر بھر کی 80 یونین کونسلز میں بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 3 فروری سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نعیم کی زیر صدارت ہم کے انتظامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنرز اور محکمہ صحت حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 3 فروری سے 9 فروری تک جاری رہے گی، دوسرا دور 5 روز بعد شیڈول ہے، پولیو مہم کو بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے کہا کہ پولیو مہم 3 فروری سے 9 فروری تک جاری رہے گی، 5 روز بعد دوسرا دور شیڈول ہے، پولیو مہم کو بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ